قاعدہ نمبر ۱: - اس کی سطر اساس بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ حامل المفہوم سوال کے جملے میں تعداد حروف، سوال اور الفاظ کی تعداد کے اعداد شامل کر کے اس جملہ سے حروف ابجدی بنا کر انہیں ملفوظی کیا پھر ان ملفوظی حروف کی تعداد کے حروف بنا کر ان کو ملفوظی کیا اور آگے لکھا۔ پھر ان سب حروف کے الفاظ کی تعداد کے حروف بنا کر ان حروف کے آگے ملفوظی کر کے لکھے یہ سطر اساس ہوگی۔

مثلاً سوال کے کل حروف کی تعداد ۱۶ ہے تو ان کے حرف بنے و ۔ ی ۔ ان کو ملفوظی کیا تو یہ پانچ حرف بنے واو ی ا ان کو سطر سوال کے مفرد حروف کے آگے لکھا۔ پھر ان سب حروف کے نقطوں کو گنا۔ مثلاً ۱۲ نقطے شمار ہوئے تو ان کے حروف ابجد قمری کے درجات کے لحاظ سے ب ۔ ا ہوئے ان کو ملفوظی کیا ۔ ب ۔ ا ۔ ا ل ف یہ پانچ حروف ملفوظ ہوئے ان کو حروف سوال کی تعداد کے ملفوظی اعداد کے بعد لکھا۔ یہ کل حروف سطر اساس ہوگی۔

قاعدہ نمبر ۲: - اس کی دوسری سطر میں حروف اساس کے ہر حرف کو ابجد قمری سے نظیرہ دیا جائے گا۔ نظیرہ دینے کا قاعدہ یہ ہے کہ ہر حرف کا پندرہواں حرف حرف اساس کے اس حرف کا نظیرہ ہے مثلاً دیکھئے حروف نظیرہ کے معلوم کرنے کا قانون

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن
س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

مثلاً الف کا نظیرہ س ہے اور س کا نظیرہ الف ہے یا جیسے ب کا نظیرہ ع ہے اور ع کا نظیرہ ب ہے۔ خوب غور کرو مثلاً ی کا نظیرہ خ ہے اور خ کا نظیرہ ی ہے وغیرہ اسی طرح حروف اساس کے ہر حرف کے نیچے اس کا نظیرہ لکھو اور سطر دوم مکمل کرو۔

قاعدہ نمبر ۳: - تیسری سطر میں سطر نظیرہ کے ہر حرف کو مقدم مؤخر کرو جس کا قاعدہ یہ ہے مثلاً دوسری سطر کے یہ حروف فرض کیے۔

س غ ص ن ق ش ث خ ف ص ل غ
غ س ل ج ض ق ر ض ت غ ق ث ر ت ض

(مقدم مؤخر)

یعنی سطر نظیرہ کے بائیں جانب کے حرف کو پہلے حرف کے نیچے لکھا اور پہلا حرف کے بعد دوسرے حرف کے نیچے لکھا۔ دیکھیے سطر نظیرہ کا پہلا حرف س اور آخری حرف غ ہے لہذا اس کو حرف س کے نیچے لکھ کر اس کے بعد دوسرے حرف نظیرہ کے نیچے حرف س لکھ دیا پھر سطر نظیرہ سے غ کے بعد حرف ظ لکھا پھر سطر نظیرہ کے س کے بعد دوسرا حرف ع لکھا اسی طرح سب حروف سے عمل کر کے تیسری سطر صدر مؤخر کی مکمل کی۔

قاعدہ نمبر ۴: ۔ چوتھی سطر میں سطر سوم کے ہر حرف کو حروف مستحصلہ جسے حروف حاصلہ کہتے ہیں کے حروف سے تبدیل کیا نقشہ حروف حاصلہ یہ ہے۔

ابجد قمری	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
حروف مستحصلہ	ظ	غ	ھ	و	ج	د	ط	ی	ز	ح	م	ن	ک	ل
ابجد قمری	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
حروف مستحصلہ	ف	ص	س	ع	ش	ت	ق	ر	ذ	ض	ث	خ	ا	ب

حروف صدر مؤخر کے ہر حرف کا حرف حاصلہ لینے کا طریقہ یہ ہے کہ سطر صدر مؤخر کے ہر حرف کے نقشہ حروف حاصلہ سے اس حرف کے نیچے کا حرف اس حرف کے نیچے لکھا جاتا ہے مثلاً ہمارا حرف صدر مؤخر حرف ج ہے تو اس کے نیچے ہم حرف حاصلہ ط لکھیں گے۔ اگر حرف ی ہے تو اس کے نیچے ح لکھیں گے۔ اگر ہمیں حرف ق کا حرف حاصلہ لینا ہے۔ تو ہم اس کے نیچے نقشہ سے ش لکھیں گے۔ اگر ہمیں حرف خ کو حرف مستحصلہ سے تبدیل کرنا ہے تو نقشہ بالا سے خ کے نیچے حرف ض لکھنا چاہیے اسی طرح سطر صدر مؤخر کے تمام حروف کے حروف حاصلہ سے تبدیل کر کے چوتھی سطر کو مکمل کرنا چاہیے۔

قاعدہ نمبر ۵: ۔ پانچویں سطر میں حروف حاصلہ کو ابجد قمری سے ہر حرف کے نیچے اس کا نظیرہ لکھیں جیسا کہ قاعدہ نمبر ۲ میں طریقہ بیان ہوا۔ اسی طرح سب حروف کا نظیرہ ہر حرف کے نیچے لکھ کر پانچویں سطر مکمل کریں۔

قاعدہ نمبر ۶: ۔ چھٹی سطر میں نظیرہ حروف ابجد قمری کو ابجد اہطم سے نظیرہ دیں۔ ابجد اہطم یہ ہے

اہ طم فش ذ بو ین صت ض جز کس قث ظ دح لع رخ غ

ابجد اعظم سے الٹ پھیر کا قاعدہ درج ذیل ہے جو ابجد قمری میں درج ہے۔ جس طرح ہر حروف مختلف اقسام سے تبدیل ہو جائیں گے اور جواب کے لئے سد باب کھل کر جواب گویا ہوگا۔

قاعدہ نمبر ۷ :۔ برائے حصول جواب :۔ اس قاعدہ پر خوب غور فرمائیے کیونکہ اس قاعدہ کے ذریعہ مقصد حاصل ہوکر جواب گویا ہو جاتا ہے۔ جو دائرہ النظاریہ سے تصوری اور ذہن کے ذریعہ ترفع و تنزل سے عموماً دل و دماغ کے اسپیکر سے علمی سوچ و بچار کے ذریعہ سے جواب مستخرج ہوکر آشکار ہو جاتا ہے۔ سب سے پہلے دائرہ النظاریہ پر غور فرمائیے جو یہ ہے۔ اسے جدول لمعات ایقغ نظائریہ بھی کہتے ہیں۔

اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
دائرہ ایقغ	ا ی ق غ	ب ک ر	ج ل ش	د م ت	ھ ن ث	و س خ	ز ع ذ	ح ف ض	ط ص ظ
تکسیر قمری	ص خ ھ ن	ع ذ و	ف ش ی	س ط ج	ق خ ط	م ا ی	ش ب ک	ث ج ن	ث د لم
تکسیر ارضی	ن س ج ط	ھ خ ل	ھ ث د	س ب ت	ج ت و	ث د خ	خ ک ش	غ ط ی	ف ا ق
تکسیرہ ایقغ	ن ت س و	خ ث ع	ذ ح ف	ش ط ص	ظ م ی	ق غ ب	ک ر ج	ل ش د	ھ ث ھ
عزیزہ ایقغ	ب ط ی ط	ا ل ق	د ک ت	ج ن ش	و ھ خ	ھ ح ت	ح س ض	ز ص ذ	ی ف غ

حصول جواب کے لیے چند ضمنی قانون ہیں۔

الف :۔ قاعدہ نمبر ۶ سے جو حروف ابجد اعظم الٹ پلٹ کر بنتی ہے۔ اس حرف کی قیمت مفرد پر غور فرمائیے کر لیا ہے میں نے جدول بالا میں ایک سے نو تک ہر حرف کی قیمت کے نمبر درج کر دیئے ہیں۔ وہاں دیکھئے کہ مطلوبہ حرف کی قیمت دائرہ ایقغ میں کیا ہے مثلاً ہمیں حرف س کی قیمت اکائی مطلوب ہے۔ دائرہ ایقغ بالا میں دیکھا کہ حرف س کے اوپر نمبر ۶ لکھا ہوا ہے لہٰذا اس حرف کی قیمت ۶ کا عدد ہے۔

ب :۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ابجد قمری کی اعدادی قیمتوں پر غور فرمائیے جس حرف کا جو بھی عدد ہے اگر اس کے آگے نقطے نہیں ہیں تو وہی اکائی کا عدد اس حرف کی قیمت ہے۔ اگر اس عدد کے آگے ایک یا دو نقطے ہیں تو صرف نقاط کو حذف کر کے ما بقایا عدد خواہ وہ دہائی کے یا سینکڑہ کے یا ہزار کے درجہ پر ہو اسے اکائی کا عدد تصور کرتے

ہمے اس حرف کی قیمت مفرد جانو۔ مثلاً الف کی قیمت ایک کا عدد [illegible] کی قیمت جانو اور ی کے عدد دس ہیں۔ صفر حذف کر دو تو ایک رہے گا پس یہی ایک ی کی قیمت ہے۔ اسی طرح ق کا عدد ایک سو ہے دو صفریں گرا دو تو باقی ایک رہے گا۔ پس یہی ایک ق کی قانونی قیمت ہے۔ اسی طرح غ کا عدد ایک ہزار ۱۰۰۰ ہے۔ تینوں صفریں گرا دینے سے باقی ایک رہے گا۔ پس یہی ایک کا عدد غ کی قانونی قیمت ہے۔ لہٰذا ان چاروں حروف (ا ی ق غ) کی قیمت افرادی ایک کا ہندسہ ہوا۔ اسی طرح (ب ک ر) کی قیمت دو کا ہندسہ ہے اور (ج ل ش) کی قیمت تین کا ہندسہ ہے۔ علیٰ ہٰذا القیاس ۹ کے ہندسے تک ۸ حروف پورے ہو جاتے ہیں۔ مزید تفہیم کے لیے میں نے دائرہ کے اوپر ایک سے ۹ تک ہندسے لگا دیئے ہیں۔

ج :۔ دائرہ الیقغ کے نیچے نظیرہ قمری کے حروف اور نظیرہ ارضی کے حروف، نظیرہ الیقغ، یا عزیزہ الیقغ کے حروف کی وہی قیمت عددی ہو گی جو دائرہ الیقغ پر درج ہے۔ مستحصلہ میں حرف نظیرہ اعلم کی قیمت عددی کو سمجھ کر جو عدد ہو اسے دائرہ النظاریہ میں دیکھو جہاں وہ عدد ہے۔ اس کے نیچے جملہ حروف میں سے آپ کا مطلوبہ حرف موجود ہے۔ جو آپ کے جواب کا حامل ہے۔ میں اسے آپ کے سمجھانے کے لیے نہایت تفصیل سے عرض کر رہا ہوں۔ ایسی تفصیل آپ کو کسی کتاب میں نہ ملے گی۔

د :۔ اگر اس لائن کے سارے حروف میں ایسا حرف نہ ملے۔ جو گویا ہو سکے پھر حروف کے ترفع و تنزل پر غور کرو۔ اس کا قاعدہ یہ ہے کہ ایک یا دو لائن عدد مقصد کے آگے یا پیچھے کی لائنوں سے کوئی حرف گویا ہونے والا لے لو۔ ترفع تنزل اس قاعدہ کی جان ہے۔ میں آگے چل کر اس مستحصلہ حل شدہ مثال میں پوری تفصیل عرض کروں گا۔

ھ :۔ ابجد قمری کی اعدادی قیمت اس طرح ہو گی۔

عدد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ابجد	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
عدد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰
ابجد	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

۹:- ابجد الفیج کی ہوائی عددی قیمت یہ ہو گی۔

عدد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
حروف الفیج	ا ی ق غ	ب ک ر	ج ل ش	د م ت	ہ ن ث	و س خ	ز ع ذ	ح ف ض	ط ص ظ

حل مستحصلہ

سوال :- محمد بخش بن رحمت کو کونسی مرض لاحق ہو گئی ہے۔؟

اس کا جمل کبیر معہ تعداد حروف دلفاظ = ۳۱۴۷ ، اصل سوال کو مسطر کیا۔

م ح م د ب خ ش ب ن ر ح م ت ک و ک و ن س ی م ر ض ل ا
ح ق ہ و گ ئ
ی ہ ے

جمل کبیر سوال ۳۱۰۱ ، کل حروف سوال ۳۲ ، کل نقاط سوال ۲۱ ، کل میزان ۳۱۵۴ ، سات عدد قانون کے کم کیے ، باقی ۳۱۴۷ عدد رہے۔ واضح رہے کہ سات عدد قانون کے کبھی کم کیے جاتے ہیں ، اور کبھی زیادہ اور کبھی کچھ نہیں کرنا پڑتا۔

اب میزان ۳۱۴۷ کے بقاعدہ ابجد قمری بحساب اکائی دہائی سینکڑہ ، ہزار حروف بنائے تو یہ حروف بنے = ز م ق ج غ (تفصیل اس طرح ہے کہ سات کا عدد اکائی کے درجے پر ہے اور ابجد قمری میں سات کے عدد کا حرف ز ہے۔ اور چار کا عدد دہائی کے درجے پر ہے اور ابجد قمری میں ۴۰ کے عدد کا حرف م ہے۔ اور ایک کا عدد سینکڑے کے درجے پر ہے اور ابجد قمری میں ۱۰۰ عدد کا حرف ق ہے۔ اور ۳ کا عدد ہزار کے درجے پر ہے اور ابجد قمری میں ہزار کے عدد کا حرف غ ہے۔ لیکن یہاں عدد ۳ ہیں لہذا تین کی وجہ سے حرف ج اور درجہ ہزار کی وجہ سے حرف غ آئے گا۔ اصولی طور پر یہاں تین غ آنے چاہئیں کیونکہ ہزار کے درجے پر عدد تین ہے۔ لیکن صاحبان فن جفر اسے ثقیل سمجھتے ہیں۔

اس لیے قاعدہ یہ ہے کہ عدد کے لحاظ سے اس کا حرف ابجد قمری سے لیا جائے اور مرتبہ ہزار کے لحاظ سے ایک غ لے لیا جائے۔ پس مجموعہ ۳۱۴۷ کے حروف ز م ق ج غ بنے۔ حروف کی قیمت آپ کی زیادتی معلومات کے لیے ایک تفہیمی خانہ اور نقشہ پیش کیا جاتا ہے۔ جو یہ ہے۔

نقشہ مراتب اعداد حروف

مراتب عدد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
اکائی کے حروف	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط
دہائی ،،	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
سینکڑہ ،،	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ
ہزار ،،	غ	ب غ	ج غ	د غ	ھ غ	و غ	ز غ	ح غ	ط غ

مثلاً ۳۱۴۷ کے حروف اس طرح منتخب کئے جاتے ہیں۔ ۷ عدد کے نیچے اکائی کا حرف ز ہے۔ چار کے عدد کے نیچے دہائی کا حرف م ہے۔ ایک کے عدد کے نیچے سینکڑے کا حرف ق ہے۔ تین عدد کے نیچے ہزار کا حرف ج غ ہے۔ کیونکہ جفر کا مسلمہ قانون ہے کہ اگر ہزار کا عدد ایک ہزار سے زائد ہو تو تین قیمت کا اکائی کا حرف لے کر اس کے آگے ایک غین لکھا جاتا ہے۔ جیسے کہ تین ہزار کے عدد میں تین کے عدد سے ج لکھ کر آگے غین لکھ دیا گیا ہے۔

قاعدہ نمبر ۸ :- ان مستخرجہ حروف کو ملفوظی کیا جاتا ہے۔ اس کا قاعدہ یہ ہے کہ حروف کو جس طرح بولا جاتا ہے اسی طرح سے حروف لکھ دو مثلاً حرف "ا" ہے الف بولا جاتا ہے تو ا ل ف لکھیں گے اور حرف غ کے اسی طرح تین حروف بنتے ہیں۔ غ ی ن۔ علیٰ ہذا القیاس اسی طرح ان مستخرجہ حروف کو ملفوظی کرو۔ ان حروف شمار کے مطابق ابجد قمری سے حرف بنا کر ان کے آگے لکھو پھر ان حروف کے نقاط کے شمار کے مطابق مزید حرف بنا کر ان کے درج کرو۔ یہ حروف اساس ہوں گے۔ مثال ذیل پر غور کرو۔ حروف مستخرجہ ز م ق ج غ ان کو ملفوظی کیا۔ یہ حروف پیدا ہوئے۔ ز ا م ی م ق ا ف ج ی م غ ی ن شمار ۱۴ ہے۔ اس کے حرف بنائے (د ی) بنے۔ نقطے ۱۳ حرف ج ی بنے۔ حروف ملفوظی کے آگے د ی ج ی لکھا گیا۔ اب پوری اساس یہ بنے گی۔

اساس :- ز ا م ی م ق ا ف ج ی م غ ی ن د ی ج ی۔ یہ ۱۸ حرف اساس ہوئے ان کو دوسری سطر میں تکسیر دیا جس کی صورت یہ ہے۔

اساس	ز	ا	ہ	ی	م	ق	ا	ف	ج	ی	م	غ	ی	ن	د	ی	ج	ی
نظیرہ	ش	س	ظ	خ	ظ	ہ	س	ج	ف	خ	ظ	ن	خ	غ	س	خ	ف	خ
عدد موخرہ	خ	ش	ف	س	خ	ظ	ص	خ	غ	ظ	خ	ہ	ن	س	ظ	ج	ج	ف
حروف مستحصلہ	ض	ق	س	ف	ض	ا	ع	ض	ب	ا	ض	ش	ل	ن	ا	ی	ہ	س
نظیرہ قمری	ل	ح	ا	ج	ل	س	ب	ل	غ	س	ل	ن	ض	ج	س	خ	ق	ا
نظیرہ اعظم	ی	ز	ج	ا	ی	م	ز	ی	ن	م	ی	ق	غ	ا	م	ت	ف	ج
جواب	س	ج	ر	س	کا	ت	م	ہ	ی	ن	ہ	ی	د	ر	د	ج	گ	ر

جواب کیسے برآمد ہوا

جواب کے نئے نظیرہ اعظم سے دائرہ انظاریہ سے جیسے کہ پہلے بیان ہو چکا ہے حروف مستحصلہ برآمد ہو کر جواب گویا ہوتا ہے۔

۱۔ نظیرہ اعظم میں پہلا حرف ی ہے۔ اس کی قیمت لمعات الیقع کے لحاظ سے ایک ہے اس نمبر کو دائرہ انظاریہ میں دیکھیں تو اس کے تحت نظیرہ قمری میں حرف س معلوم ہوا۔ اس حرف مستحصلہ قرار دیا۔ اور ساتویں سطر جواب میں س کو ی کے نیچے لکھا

۲۔ دوسرا حرف اعظمی کا ز ہے۔ اس کی قیمت لمعات الیقع میں سات ہے اس نمبر کو دائرہ انظاریہ میں دیکھا تو عزیزہ الیقع میں اس نمبر کے تحت ح مستحصلہ موجود ہے یا ح کا ترفع کیا تو نمبر ۸ کے نیچے ح موجود ہے۔ حرف مستحصلہ کا مصداق ہوا۔

۳۔ تیسرا حرف سطر اعظمی میں ج ہے۔ اس کی لمعات الیقع میں ۳ ہے۔ اس نمبر کے تحت دائرہ انظاریہ میں ار ض۔ کے ضمن میں ر مستحصلہ لیا۔ کیونکہ تین کے قسن زاہے نمبر ۲ کے زیر میں ر تصدیقاً موجود ہے

۴۔ چوتھا حرف سطر اعظمی میں الف ہے۔ اس کی قیمت لمعات الیقع میں ایک ہے اس نمبر کے تحت دائرہ انظاریہ میں نظیرہ قمری کے سامنے حرف س مستحصلہ ہے۔ کیونکہ نمبر کے تحت نظیرہ الیقع میں س تصدیقاً موجود ہے۔

۵۔ پانچواں حرف سطر اعظمی میں ی ہے۔ اس کی قیمت لمعاتی ایک ہے وہ خود بھی مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۱ کے تحت عزیزہ الیقع کے ضمن میں تصدیقاً ی موجود ہے

۶ ۔

چھٹا حرف سطر ابطحی میں ھ ہے اس کی لمعاتی قیمت چار ہے لہٰذا اس نمبر کے تحت دائرہ مذکورہ میں حرف ت مستحصلہ ہے اس کی تصدیق تنزلاً و ترفعاً نمبر ۳ و ۹ میں نظیرہ ارضی و عزیزہ البقع میں یہ حرف تصدیقاً موجود ہے۔

۷ ۔

ساتواں حرف ابطحی د ہے۔ اس کی قیمت لمعاتی چار ہے۔ لہٰذا اس نمبر کے تحت لمعات میں م موجود ہے۔ ترفعاً نمبر ۵ کے تحت عزیزہ البقع کے ضمن میں ھ تصدیقاً موجود ہے جو کہ مستحصلہ ہے۔

۸ ۔ آٹھواں حرف ابطحی ی ہے۔ اس کی قیمت لمعاتی ایک ہے لہٰذا اس نمبر کے تحت النظاریہ میں حرف ھ نظیرہ شمسیہ میں مستحصلہ ہے۔ اور تنزلاً نمبر ۹ کے ھ مصدق موجود ہے۔

۹ ۔ نواں حرف ابطحی ت ہے اس کی قیمت لمعاتی پانچ ہے اس نمبر کے تحت نظیرہ البقع کے ضمن میں ی موجود ہے۔ اور ترفعاً نمبر ۹ کے تحت نظیرہ قمری میں ی مصدقاً موجود ہے۔

۱۰ ۔ دسواں حرف ابطحی م ہے۔ اس کی قیمت لمعات البقعی چار ہے۔ اس نمبر کے تحت دائرہ النظاریہ میں نظیرہ ارضی کے بالمقابل ت موجود ہے جو کہ مستحصلہ ہے تصدیقاً عزیزہ البقع میں اسی نمبر کے ت موجود ہے۔

۱۱ ۔ گیارہواں حرف ابطحی ی ہے اس کی قیمت لمعاتی ایک ہے۔ اس نمبر کے تحت دائرہ النظاریہ میں نظیرہ قمری کے ھ مستحصلہ ہے۔ تنزلاً نمبر ۱ کے تحت البقع کے سامنے ھ مصدق مستحصلہ ہے۔

۱۲ ۔ بارہواں حرف ابطحی ق ہے اس کی قیمت لمعات البقعی ایک ہے اس نمبر کے تحت دائرہ النظاریہ میں ی مستحصلہ موجود ہے۔ تنزلاً ۹ نیچے عزیزہ البقع میں ی مصدق مستحصلہ ہے۔

۱۳ ۔ تیرہواں حرف ابطحی ع ہے اس کی قیمت ایک ہے۔ اس نمبر کے تحت دائرہ النظاریہ میں تنزلاً نمبر ۶ کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے ی مستحصلہ ہے۔

اور ایضاً تنزلاً نمبر ۸ کے تحت نظیرہ الیقغ میں د موجود ہے۔

۱۴۔ چودھواں حرف اعظمی الف ہے اس کی قیمت لسنعانی ایک ہے۔ اس نمبر کے تحت دائرہ اظہار عزیزہ الیقغ میں ح متصلہ موجود ہے۔ ترفعاً نمبر ۲ کے تحت دائرہ الیقغ کے سامنے ح مصدق ہے۔

۱۵۔ پندرہواں حرف اعظمی م ہے اس کی قیمت ۴۰ ہے اس نمبر کے تحت دائرہ الیقغ کے سامنے د متصلہ ہے تنزلاً نمبر ۳ میں نظیرہ ارغی و عزیزہ الیقغ میں د موجود مصدق ہے۔

۱۶۔ سولہواں حرف اعظمی ت ہے۔ اس کی قیمت لسنعانی ۴ ہے۔ اس نمبر کے تحت عزیزہ الیقغ میں ت موجود متصلہ ہے جو ترفعاً نمبر ۵ کے تحت نظیرہ ارغی کے اور تنزلاً نمبر ۲ میں دائرہ الیقغ ج مصدقاً موجود ہے۔

۱۷۔ سترہواں حرف اعظمی ف ہے دائرہ میں نمبر ۸ میں موجود ہے جو اس کی قیمت کا عدد اس نمبر کے تنزلاً نمبر ۲ کے تحت کے نظیرہ ... و نظیرہ الیقغ میں دو جگہ مصدقاً موجود متصلہ ہے۔

۱۸۔ اٹھارہواں حرف اعظمی ج ہے اس کی قیمت ۳ ہے جو نظیرہ ارغی کے سامنے اس نمبر کے تحت ح موجود ہے اور مصدقاً تنزلاً کے مادہ پر نمبر ۲ میں دائرہ الیقغ کے سامنے یہ حرف ح موجود متصلہ ہے۔

مزید ہدایات:

جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا متصول جواب مستعملہ کے لیے اگر نظیرہ اعظم کے کسی حرف کے لیے اس کی اصلی نمبر کے تحت کوئی حرف گویا نہ ہو سکے تو نمبر کے دائیں بائیں نمبروں پر غور کرو۔ اس عمل کو ترفع یا تنزل کہا جاتا ہے۔ ترفع یا تنزل اس مستعملہ کی روح ہے۔ ترفع و تنزل سے گویا ہونے والا جو حرف نکلے وہ متصلہ ہوتا ہے بشرطیکہ گویا ہونے والے حرف کے نیچے یا اوپر یا دائیں یا بائیں نمبروں میں وہ حرف موجود ہو۔

۲:۔ یا اگر حرف فٹ نہ ہوتا ہو تو اس حرف تنزل کا ہم آواز یا ہم شکل حرف لے لینا مجازاً جائز ہے۔

۳:۔ مستعملہ کوئی ایسی چیز نہیں جو کہ ہر کہہ و مہہ کی سمجھ میں آسکے اس کے جواب

سکے لیے کثیر محنت اور مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ تب جاکر نتیجہ ملتا ہے۔ جب تک اس کے متعلقہ قوانین ازبر نہ ہوں تب تک حصول جواب کے لیے مشکلات پیش آتی رہتی ہیں۔

۴ :- میں نے جس قدر اس مستحصلہ کو آسان کر دیا ہے کوئی صاحب فن اتنا سہل طریقہ بیان نہیں کرتا اور نہ آپ کو کسی کتاب میں ملے گا۔ میں نے نظائر و دلائل سے ہر مشکل مقام کو حل کر دیا ہے اور نہ کسی بات کو چھپایا ہے۔ اس کے بدلے آپ کی قلبی دعائیں مطلوب ہیں۔

۵ :- مستحصل کے لیے اکل حلال و صدق مقال نہایت ضروری ہے اور تارک العبادات نہ ہونے چاہیے تب جاکر روحانی قوت پیدا ہوتی ہے اور قلبی جلا پیدا ہوتا ہے۔ روحانی قوت کے حصول کے بغیر مستحصلہ کا صحیح حل ہونا مشکل ہے۔

۶ - ہر مستحصلہ کے لیے اساس نہایت ضروری ہے۔ اس لیے اساس کو نہایت غور و فکر سے حسب ہدایت بنانا چاہیے جب تک اساس صحیح نہ ہوگی جواب بھی صحیح نہ ہوگا۔

۷ - ترفع تنزل کا قاعدہ یہ ہے کہ ترفع ایک یا دو درجہ ابجد سے آگے کا حرف لیا جاتا ہے یا اگر تسعات البقع سے ترفع کرنا ہو تو یہ اعداد مفردہ جو ایک سے ۹ تک ہوتے ہیں سے ترفع ہوتا ہے۔ مثلاً سات کے عدد کا ترفع آٹھ یا نو کا عدد ہوتا ہے اور اس عدد سے جو ترفع لیا ہے اس کے ذیلی نظائر سے فٹ ہونے والا حرف لیا جاتا ہے۔ دوسرا بھی قاعدہ تنزل کا ہے اس کے معنی ہیں اصلی حرف سے ایک یا دو درجہ پیچھے کا حرف لیا جاتا ہے۔ اور اعداد تسعات البقع وغیرہ سے بھی پیچھے کا عدد لینا تنزل ہوگا۔ مثلاً سات کے عدد کا تنزل چھ یا پانچ ہوگا۔

دوسرا طریقہ اور وہی سوال

سابقہ طریق پر تیار شدہ اساس کو نظیرہ قمری و صدر مؤخر کے حروف حاصلہ تک چار سطریں اسی سوال کے تحت لی گئیں۔ حروف صدر مؤخر اور حروف حاصلہ کے اعداد اکائی سے لیے جاتے ہیں جو ابجد مفرد اعداد ایک سے نو تک تسعات

الفقغ کے ہیں۔ ان دونوں عددوں کو آپس میں جمع کر کے میزان کر کے ان حروف کے نیچے لکھا جاتا ہے مثلاً حرف صدر مؤخر ح ہے جو سطر مؤخر کا پہلا حرف ہے اور حرف تق حروف حاصلہ کا پہلا حرف جو ح کے نیچے ہے۔ ح کے عدد لتسعات الفقغ سے چھ اور تق کے عدد الفقغ سے آٹھ ہیں۔ دونوں کو جمع کیا ۶ + ۸ = ۱۴ ہوئے۔ اسی طرح سارے حروف صدر مؤخر کے اعداد کو حروف حاصلہ کے اعداد سے جمع کر کے ان حروف کے نیچے پانچویں سطر میں لکھ کر یہ سطر پوری کرو۔ اسے سطر میزان کہتے ہیں۔

لیکن یہ یاد رہے کہ عدد میزان حروف کا جن کے اعداد کا میزان کیا ہے۔ ان دو حروف کے نیچے لکھتے جاؤ۔ ہر حرف صدر مؤخر اور حاصلہ کے ساتھ یہی عمل کر کے پانچویں سطر پوری کرو۔ اس کے بعد سطر میزان کے ہر عدد سے عدد مستخرجہ حاصل کیا جاتا ہے۔ جس کا قاعدہ یہ ہے۔

نمبر ۱۔ اگر عدد میزان مفرد عدد ہے تو اسے برقرار رہنے دو کہ یہی عدد مستخرجہ ہوگا۔ اگر یہ عدد اپنے منسوبہ حرف گویا نہ کر سکے تو اس کے ترفع و تنزل سے یا اس کے ہم شکل یا ہم آواز حرف سے کوئی حرف گویا ہو جاتا ہے یا خود وہ عدد حرف گویا پیدا کرتا ہے۔ نمبر ۲۔ یا اگر عدد میزان مفرد عدد نہیں بلکہ مرکب عدد ہے۔ جیسے ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۴۔ ۱۷۔ یعنی اکائی دہائی کے دو عددوں سے مرکب ہے۔ (ایک سے نو تک عدد مفرد ہوتے ہیں اور اس کے بعد جتنے بھی عدد ہوں گے مرکب ہوں گے) اس مفرد عدد سے یا تو اکائی کا عدد لیا جائے گا یا اکائی کو ترک کر کے دہائی کا عدد بطور اکائی لیا جائے گا۔ یا دونوں عددوں کو ایک دوسرے سے نفی کیا جائے گا۔ یا دونوں عددوں کو جمع کیا جائے گا۔ اگر جمع شدہ حرف پھر مرکب ہو جائے تو پھر ان کو ایک دوسرے میں جمع کرتے جاؤ۔ یہاں تک کہ اکائی کا عدد پیدا ہو جائے لیکن عام طور پر عدد سے نفی کرنے کا عمل زیادہ مؤثر ہوتا ہے اس لیے مزید سہولت کے مدنظر عددوں کو جمع و نفی کرنے کا نقشہ پیش کیا جاتا ہے جو کہ لتسعات الفقغ کے اعداد کے لحاظ سے ہے۔

نقشہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

عدد میزان سے مع وضع [illegible] نفی [illegible] دل ان چار اعداد [illegible] عدد [illegible] ہو جو کہ [illegible]
فقرہ میں کسی حرف کو گویا کر سکے یا مطلب کا حرف پیدا کر سکے وہ لیا جائے گا۔

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۱	۱ ۰/۲ ۱	۲ ۱/۳ ۱	۳ ۲/۴ ۱	۴ ۳/۵ ۱	۵ ۴/۶ ۱	۶ ۵/۷ ۱	۷ ۶/۸ ۱	۸ ۷/۹ ۱	۹ ۸/۱۰ ۱	۲۰
۲	۱ ۱/۳ ۲	۲ ۰/۴ ۲	۳ ۱/۵ ۲	۴ ۲/۶ ۲	۵ ۳/۷ ۲	۶ ۴/۸ ۲	۷ ۵/۹ ۲	۸ ۶/۱۰ ۲	۹ ۷/۲ ۲	۳۰
۳	۱ ۲/۴ ۳	۲ ۱/۵ ۳	۳ ۰/۶ ۳	۴ ۱/۷ ۳	۵ ۲/۸ ۳	۶ ۳/۹ ۳	۷ ۴/۱ ۳	۸ ۵/۲ ۳	۹ ۶/۳ ۳	۴۰
۴	۱ ۳/۵ ۴	۲ ۲/۶ ۴	۳ ۱/۷ ۴	۴ ۰/۸ ۴	۵ ۱/۹ ۴	۶ ۲/۱ ۴	۷ ۳/۲ ۴	۸ ۴/۳ ۴	۹ ۵/۴ ۴	۵۰
۵	۱ ۴/۶ ۵	۲ ۳/۷ ۵	۳ ۲/۸ ۵	۴ ۱/۹ ۵	۵ ۰/۱ ۵	۶ ۱/۲ ۵	۷ ۲/۳ ۵	۸ ۳/۴ ۵	۹ ۴/۵ ۵	۶۰
۶	۱ ۵/۷ ۶	۲ ۴/۸ ۶	۳ ۳/۹ ۶	۴ ۲/۱ ۶	۵ ۱/۲ ۶	۶ ۰/۳ ۶	۷ ۱/۴ ۶	۸ ۲/۵ ۶	۹ ۳/۶ ۶	۷۰
۷	۱ ۶/۸ ۷	۲ ۵/۹ ۷	۳ ۴/۱ ۷	۴ ۳/۲ ۷	۵ ۲/۳ ۷	۶ ۱/۴ ۷	۷ ۰/۵ ۷	۸ ۱/۶ ۷	۹ ۲/۷ ۷	۸۰
۸	۱ ۷/۹ ۸	۲ ۶/۱ ۸	۳ ۵/۲ ۸	۴ ۴/۳ ۸	۵ ۳/۴ ۸	۶ ۲/۵ ۸	۷ ۱/۶ ۸	۸ ۰/۷ ۸	۹ ۱/۸ ۸	۹۰
۹	۱ ۸/۱ ۹	۲ ۷/۲ ۹	۳ ۶/۳ ۹	۴ ۵/۴ ۹	۵ ۴/۵ ۶	۶ ۳/۶ ۹	۷ ۲/۷ ۹	۸ ۱/۸ ۹	۹ ۰/۹ ۹	

حل مستحصلہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸
اساس	ز	ا	م	ن	م	ق	ذ	ف	ج	ی	م	غ	ی	ت	د	ی	چ	ی
نظیرہ	ش	س	ظ	خ	ذ	ر	س	ج	ض	خ	ظ	ت	خ	غ	ص	خ	ت	خ
عدد دور شمار	خ	ش	ف	ص	خ	ظ	ص	خ	غ	ظ	خ	ہ	ت	س	ط	چ	خ	ت
حرف مستحصلہ	ض	ت	ی	ف	ض	ا	ع	ض	ب	ا	ض	ج	ل	ق	ا	ہ	ض	س
میزان	۱۴	۴	۱۴	۱۴	۱۲	۱۰	۱۶	۱۴	۳	۱۰	۱۴	۸	۸	۱۴	۱۰	۸	۱۴	۱۴
عدد مستحصلہ	۴	۳	۴	۴	۳	۱	۷	۴	۳	۱	۵	۸	۸	۴	۱	۸	۴	۵
جواب	د	ر	و	ج	گ	ر	د	س	ج	ر	و	ق	ء	-	-	ض	ہ	ی

جواب :- درود بجگر و سحر وقہ مرض بہ

ملاحظہ ہو [illegible] میزان سے جواب حاصل کیا جاتا ہے۔ خدا کے فضل سے وہی پہلا سا جواب حاصل ہوا مگر کثیر مشق چاہیے۔

جواب کیسے برآمد

۱۔ پہلا عدد میزانی ۱۴ ہے۔ عدد مستحصلہ ۴ قرار دیا گیا کیوں کہ ۴ + ۱ = ۵ سے کوئی حرف نہیں بنتا۔ لہذا چار کے عدد کے نیچے حرف "د" دائرہ القیع میں موجود۔ یہ تنزلاً نمبر ۳ کے تحت دو جگہ یہ حرف موجود و مصداق ہے۔ لہذا د مستحصلہ ہے۔

۲ :۔ دوسرا عدد میزانی ۱۴ ہے۔ دائرہ القیع میں اس نمبر کے تنزل سے نمبر ۳ کے ذیل میں نظیرہ ارغی کے سامنے نمبر ۳ کے تحت "ت" موجود اور تنزلاً نمبر ۲ میں یہ حرف موجود مصدق ہے لہذا حرف "ت" مستحصلہ ہے۔

۳ :۔ تیسرا عدد میزانی ۱۹ ہے پہلے عدد کے طریقہ کے مطابق حرف "ق" مستحصلہ ہے۔

۴ :۔ چوتھا عدد میزانی ۱۴ ہے۔ اس عدد کا مستحصلہ عدد ۴ ہے۔ تنزلاً نمبر ۳ کے تحت دائرہ القیع میں "ج" موجود ہے اور خود نمبر ۴ کے تحت بھی یہ حرف موجود ہے اور ترقیاً بھی نمبر ۵ کے تحت بھی یہ حرف مصدق موجود ہے۔ لہذا "ج" مستحصلہ ہے

۵ :۔ پانچواں عدد میزانی ۱۳ ہے اور مستحصلہ عدد ۳ قرار دیا۔ اس نمبر کے تحت عزیزہ القیع میں "ک" ہے پھر تنزل نمبر ۲ کے تحت دائرہ القیع کے سامنے "ک" مصدق موجود ہے اور مستحصلہ ہے۔

۶ :۔ چھٹا عدد میزانی (۱۰) دس کے صفر کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ نمبر ایک کے ذیل میں عزیزہ القیع کے سامنے "ت" موجود ہے ترقیاً نمبر ۲ کے سامنے دائرہ القیع میں "ت" موجود مستحصلہ مصدق ہے۔

۷ :۔ ساتواں عدد میزانی ۱۵ ہے پانچ کا عدد مستحصلہ قرار دیا۔ اس نمبر کے نیچے نظیرہ ارغی کے سامنے "و" موجود ہے اور عزیزہ القیع کے سامنے بھی یہی حرف موجود اور ترقیاً نمبر ۶ کے نیچے تصدیقاً یہ حرف موجود ہے۔ لہذا "و" مستحصلہ ہے۔

۸ :۔ آٹھواں عدد میزانی ۱۴ ہے عدد مستحصلہ ۴ قرار پایا۔ اس عدد کے تحت

دائرہ الانظارہ میں نظیرہ ارضی کے تحت ۸ موجود ہے۔ اسی کے تحت نزولاً نمبر ۸ میں حرف مصداق موجود نہیں لیکن اس کا ہم شکل حرف ق اس کے نیچے اور نمبر ۲ میں دائرہ البقع کے سامنے موجود ق مستحصل ہے۔

نمبر ۹ :۔ نواں عدد میزانی ۳ ہے عدد مستحصلہ ۳ ہوا۔ اس کے تحت نظیرہ البقع کے سامنے تج موجود اور مستحصل ہے۔

نمبر ۱۰ :۔ دسواں عدد میزانی ۱۰ ہے لہٰذا حسب قانون نمبر ایک عدد مستحصلہ قرار پایا۔ لہٰذا نمبر ایک کے تحت عزیزہ البقع کے سامنے تج مستحصل ہے جس کی تصدیق ترفعاً نمبر ۲ کے ذیل تج کرتی ہے۔

نمبر ۱۱ :۔ گیارہواں عدد میزانی ۱۴ ہے ۴+۱=۵ نمبر کے ذیل نظیرہ ارضی و عزیزہ البقع کے سامنے و مستحصل ہے تصدیقاً ترفعاً نمبر ۳ میں یہ حرف موجود ہے۔

نمبر ۱۲ :۔ بارہواں عدد میزانی ۸ ہے اس نمبر کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے ج مستحصل ہے۔ تصدیقاً نمبر ۲ کے ذیل نظیرہ البقع کے سامنے یہ حرف مصدق ہے۔

نمبر ۱۳ :۔ تیرہواں عدد میزانی ۸ ہے۔ ایک عدد ترفع کیا ۹ ہوا۔ اس نمبر کے ذیل نظیرہ البقع کے سامنے ہ مستحصل لیا۔ نزولاً نمبر ایک کے ذیل نظیرہ قمری کے سامنے ہ مصدق موجود ہے۔

نمبر ۱۴ :۔ چودہواں عدد میزانی ۱۴ ہے عدد مستحصلہ ۴ قرار پایا۔ دائرہ انظاریہ میں دائرہ البقع کے سامنے چار کے نیچے م مستحصل ہے ترفعاً نمبر ۵ کے ذیل عزیزہ البقع کے سامنے م موجود مصدق مستحصل ہے۔

نمبر ۱۵ :۔ پندرہواں عدد میزانی ۱۰ ہے۔ لہٰذا مستحصل عدد ایک ہے دائرہ انظاریہ میں اس نمبر کے تحت عزیزہ البقع کے سامنے تج مستحصل ہے اور ترفعاً نمبر ۲ کے تحت دائرہ البقع کے سامنے تج تصدیقاً موجود مستحصل ہے۔

نمبر ۱۶ :۔ سولہواں عدد میزانی ۹ ہے اس کے نیچے دائرہ میں ص موجود ہے۔ ترفعاً نمبر ۱ کے نیچے نظیرہ ارضی کے سامنے ص مستحصل ہے اور نمبر ۹ نزولاً نمبر ۸ کے نیچے ص مستحصل موجود ہے۔

۱۷۔ مستحصلہ جواب عدد موافق ۱ ہے اس کے [illegible] ہے اس کے نیچے میں نظیرہ البغ کے سامنے ظ [illegible] مستحصلہ ہے۔ حسن اتفاق سے ذیل میں نظیرہ قمری کے سامنے کا مصدق مستحصلہ ہے۔

۱۸۔ اس نقطہ جواب عدد [illegible] ہے [illegible] مستحصلہ [illegible] ہے۔ اس کے نیچے ذیل نظیرہ البغ کے سامنے بھی موجود مستحصلہ ہے نظیرہ نمبر ۱ کے ذیل نظیرہ قمری کے سامنے بھی مصدق مستحصلہ ہے۔

اس مستحصلہ کا تسیراقات رہ بہ سوال دیگر

سوال :- مامون رشید نے حضرت امام رضا سے کیسا سلوک کیا تھا؟

تمام اعداد حروف سوال ۳۹۱۷ ۔ تعداد حروف سوال ۲۹ ۔ تعداد وتاد سوال ۲۱ ۔ جمل کبیر ۳۹۷۷ ۔ حروف بنائے تو یہ حروف بنے ۔ ز غ ظ ج غ ۔ ان حروف کو مستوفی کیا تو یہ ہوئے ثنا ع ی ن ظ ا ج ی م غ ی ا ۔

ان کا شمار ۱۳ حروف ہے ج ی ۔ لفظے ۱۲ حروف ب ن ۔ مسطر اساس اس طرح بنی ثنا ع ی ن ظ ا ج ی م غ ی ن ج ی ب ی ۔ کل حروف اساس ۱۸ بنے۔

اساس	ز	ا	غ	ی	ن	ظ	ا	ج	ی	م	غ	ی	ن	ج	ی	ب	ی
نظیرہ قمری	ش	س	ب	خ	غ	م	س	ف	خ	ظ	ن	خ	غ	ف	خ	غ	خ
عدد مؤخر	خ	ش	غ	س	خ	ب	ف	خ	ع	غ	خ	م	ن	س	ظ	ف	خ
حروف مہملہ	ض	ق	ص	ف	ض	غ	س	ض	ب	ب	ض	ک	ل	ف	ا	س	ض
نظیرہ قمری	ل	ہ	و	ج	ل	ن	ا	ل	ع	ع	ل	ذ	ض	ج	س	ا	ل
نظیرہ اعظم	ی	ز	ب	ا	ی	غ	ج	ی	ن	ن	ی	ظ	غ	ا	م	ج	ی
عدد حروف	۱	۷	۳	۱	۱	۷	۳	۱	۵	۵	۱	۹	۱	۱	۴	۳	۱
عمل	-	-	تنزل	-	-	تنزل	-	-	یرقع	-	-	یرقع	یرقہ		تنزل		-
مستحصلہ جواب	ا	س	ن	ی	ا	ن	ک	د	ر	م	ی	ن	ز	ہ	ر	د	ی
	اس		نے		انگور					میں			زہر			دی	

شرح حصول جواب

۱- پہلا حرف اعظم تی ہے اس کا عدد نشانات الیقغ سے ایک ہے۔ اس نمبر کے تحت دائرہ النظاریہ میں دائرہ الیقغ کے نیچے الف **موجود ہے** تصدیقاً تنزلاً نمبر۹ میں نظیرہ ارغی کے سامنے الف اور ترفعاً نمبر۲ کے ذیل عزیزہ کے سامنے الف موجود ہے۔

۲- دوسرا حرف اعظم تن ہے اس کا عدد نشانات الیقغ سے سات ہے۔ اس نمبر کے تحت دائرہ النظاریہ میں عزیزہ الیقغ کے سامنے تن مستحصلہ ہے۔ تنزلاً نمبر۶ میں دائرہ الیقغ میں تن موجود مصدق ہے۔

۳- تیسرا حرف اعظم تب ہے۔ اس کا عدد ۲ ہے۔ تنزلاً ایک کم کیا۔ ایک باقی رہا اس نمبر کے ذیل میں نظیرہ قرین کے سامنے تن مستحصلہ ہے کیونکہ اس نمبر کے تحت نظیرہ الیقغ کے سامنے تن موجود مصدق ہے۔

۴- چوتھا حرف اعظم الف ہے اس کا عدد ایک ہے اس نمبر کے تحت دائرہ النظاریہ میں دائرہ الیقغ میں کے سامنے تی مستحصلہ ہے تصدیقاً تنزلاً نمبر۹ میں عزیزہ الیقغ کے سامنے تی موجود ہے۔

۵- پانچواں حرف اعظم الف ہے اس کا عدد ایک ہے اس نمبر کے تحت دائرہ الیقغ کے سامنے الف مستحصلہ ہے تصدیق کے لیے ترفعاً نمبر۹ کے تحت نظیرہ ارغی کے سامنے اور ترفعاً نمبر۲ میں عزیزہ الیقغ کے سامنے الف موجود ہے۔

۶- چھٹا حرف اعظم تع ہے اس کا عدد سات ہے اس سے دو عدد کم کیے۔ باقی ۵ رہے دائرہ النظاریہ میں پانچ نمبر کے تحت تن دائرہ الیقغ کے سامنے ہے۔ تنزلاً نمبر۴ کے ذیل نظیرہ ارعی کے سامنے تن تصدیقاً موجود ہے۔

۷- ساتواں حرف اعظم تج ہے اس کا عدد ۳ ہے اس نمبر کے ذیل عزیزہ الیقغ کے سامنے کٹ مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر۲ کے تحت دائرہ الیقغ کے سامنے کٹ مصدق موجود ہے۔

۸- آٹھواں حرف اعظم ہے اس کا عدد ایک ہے نظیرہ الیقغ کے سامنے نمبر۱

کے تحت ق موجود مستحصلہ ہے تصدیق کے لیے ترفعاً نظیرہ قمری کے سامنے ق موجود ہے ۔

۹ :۔ نواں حرف اعظم ق ہے اس کا عدد ۵ ہے۔ اس نمبر کے ذیل نظیرہ ارضی کے سامنے ق موجود مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر چار کے تحت دائرہ البقع کے سامنے ق موجود ہے ۔

۱۰ :۔ دسواں حرف اعظم ق ہے۔ اس کا عدد ۵ ہے اس نمبر کے تحت عزیزہ البقع کے سامنے ق موجود مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر چار کے تحت دائرہ البقع کے سامنے ق موجود مصدق ہے ۔

۱۱ :۔ گیارھواں حرف اعظم ی ہے جو کہ خود گویا ہے اس کا نمبر ایک ہے۔ دائرہ البقع میں اس نمبر کے تحت ی موجود مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۹ کے تحت عزیزہ البقع کے سامنے ی مصدق موجود ہے ۔

۱۲ :۔ بارھواں حرف اعظمی ظ ہے اس کا نمبر ۹ ہے ترفعاً نمبر ایک دائرہ النظاریہ میں اس نمبر کے تحت ت مستحصلہ ہے جو کہ نظیرہ قمری کے سامنے اور پھر اس نمبر ا کے تحت نظیرہ البقع کے سامنے مصدقاً موجود ہے ۔

۱۳ :۔ تیرھواں حرف اعظم ج ہے ۔ اس کا نمبر ایک ہے اور ترفعاً نمبر ۲ کے ضمن میں نظیرہ البقع کے سامنے نمبر ۲ کے تحت ن مستحصلہ ہے ترفعاً نمبر ۳ کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے ز موجود مصدق ہے ۔

۱۴ :۔ چودھواں حرف اعظم الف ہے اس کا عدد ایک ہے اس نمبر کے تحت دائرہ النظاریہ میں نظیرہ قمری کے سامنے ہ موجود مستحصلہ ہے۔ تصدیق کے لیے تنزلاً نمبر کے تحت نظیرہ البقع کے سامنے د موجود ہے ۔

۱۵ :۔ پندرھواں حرف اعظمی م ہے۔ اس کا عدد چار ہے ایک تنزل کیا تین باقی رہے اس نمبر کے تحت نظیرہ ارضی کے سامنے م موجود مستحصلہ ہے۔ تنزلاً نمبر ۲ کے تحت دائرہ البقع کے سامنے م موجود مصدق ہے ۔

۱۶ :۔ سولھواں حرف اعظم ج ہے۔ اس کی قیمت ۳ ہے۔ اس نمبر کے تحت نظیرہ ارضی و عزیزہ البقع کے سامنے دال مصدق اور مستحصلہ ہے ۔

۱۷ بیسواں حرف اعظم ق ہے اس کا عدد ایک ہے اس نمبر کے تحت دائرہ ایقغ میں ق ہے جو کہ مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۹ کے تحت عزیزہ ایقغ کے سامنے ق مصدق موجود ہے۔

آسان ترین مستحصلہ

ازجناب ستاد گیلانی صاحب حاصل ہوا ہے۔

۱۔ سائل کا سوال جامع المفہوم اور مختصر ہونا چاہیے۔ ۲۔ سوال کو علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھنا چاہیے۔ یعنی جملہ حروف کو علیحدہ علیحدہ ایک سطر بچھاؤ۔ ۳۔ پھر اس صورت میں سطر حروف سے چوتھا چوتھا حرف ایک علیحدہ سطر میں لکھنا چاہیے۔ ۴۔ اگر کوئی حرف یا حروف پہلی سطر میں بچ جائیں تو ان کو اس دوسری سطر کے آگے لکھ دو۔ کیونکہ ضرورت پر ان بچے ہوئے حروف سے بھی کام لیا جا سکتا ہے ورنہ ان کو ترک کر دیا جاتا ہے یہ دوسری سطر ہوگی۔ اس سطر کا نام سطر حروف مستحضرہ ہے۔ ان حروف مستحضرہ پر مندرجہ ذیل پانچ قوانین پہ عمل کرنے سے جواب گویا ہوتا ہے۔

ہر حرف کا حرف مستحضرہ یا تو خود مستحصلہ ہوتا ہے۔ ب۔ یا اس کا نظیرہ مستحصلہ ہوتا ہے۔ ج یا اس کا ہم مرتبہ حرف تسعات ایقغ سے مستحصلہ ہوتا ہے۔ د۔ یا اسکا حرف تنزل یا ترفع مستحصلہ ہوتا ہے۔ ہ۔ یا تنزل کا ترفع یا ترفع کا تنزل مستحصلہ ہوتا ہے۔ مندرجہ بالا پانچوں قوانین اس طریقہ مستحصلہ کی روح ہیں۔ ان کے تحت مندرجہ ذیل مثال پر غور کرو۔

سوال:۔ مظہر علی بن کریم کی مرض کیوجہ کیا ہے؟

بسط مفرد سوال:۔ م ظ ہ ر ع ل ی ب ن ک ر ی م ک ی م ر ض
ک ی و ج ہ ک ی ا ہ ی۔

حروف مستحضرہ:۔ ہ ب ی م ی ک ی

جواب:۔

اس	ی	ب	ی	ک	ی
ب کا نظیرہ ع کا تنزل س د کا ہم مرتبہ کا تنزل الف	خود ناطق ہے	م کا ہم مرتبہ و کا تنزل ہے	خود ناطق ہے۔	خود ناطق ہے۔	خود ناطق ہے۔

اس طریقہ سے مفصل جواب
بھی پیدا کیا جا سکتا ہے۔

ایک اور آسان مستحصلہ

یہ مستحصلہ فارسی زبان کے سوال میں تھا۔ سوال یہ ہے کہ نام پیغمبر آخرالزمان چہ چیز است۔ اس کو بسط حرفی میں لکھا۔ بسط حرفی اس طرح ہے۔

ا ب ہ ن ا م پ ی غ م ب ر ا خ ر ا ل ز م ا ن چ ہ چ ی ز ا س ت

۲:۔ سوال کے حروف کی تعداد کو شمار کرو۔ مثلاً سوال بالا کے ۲۶ حروف ہیں ان میں سے ایک عدد جمع کیا تو ۲۷ ہوئے پھر ابجد میں اس درجہ کا حرف۔ لو۔ ابجد قمری درجاتی یہ ہے۔

درجہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
ابجد	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
درجہ	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
حرف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

مثلاً الف ابجد کے پہلے درجہ کا حرف ہے۔ اور حرف ز ساتوں درجہ پر ہے۔ اور حرف م تیرہویں درجہ پر ہے اور حرف ف سترہویں درجہ میں ہے اور حرف خ چوبیسویں درجہ میں علیٰ ہذالقیاس ہر حرف کا درجہ اس کے اوپر لکھا ہوا ہے۔ پس جو حرف ہو مثلاً چھبیسواں حرف ض ہے اسے ترفع کیا۔ تو ظ حاصل ہوا یا اگر ۲۶ پر ایک عدد بڑھایا تو ۲۷ ہوا لہٰذا ۲۷ واں حرف ظ ہے اسے علیحدہ لکھا۔

۳:۔ حروف سوال کے حروف کی تعداد ۲۶ ہے ان کے حروف بنائے تو یہ بنے و ک ان کو ملفوظی کیا واو عدد ۱۳۔ کاف عدد ۱-۱ ہوئے قانون ہے کہ جو عدد ۲۸ پر تقسیم ہو جائے تو اس کا باقی القسمت حرف لیا جاتا ہے۔ اور جو عدد ۲۸ پر تقسیم نہ ہو سکے تو اسے دگنا کر دیا جاتا ہے ان ہر دو باقی القسمت یا دگنا شدہ اعداد پر ایک ایک قانون کا حرف بڑھا کر ابجد قمری سے اس درجہ کا حرف لیا جاتا ہے یا ایک ترفع کر کے مثل مذکور حرف لیا جاتا ہے۔ مثلاً حرف ملفوظی واو کے عدد قمری ۱۳ ہیں ان کو دوگنا کیا تو ۲۶ ہوئے ان پر ایک بڑھایا تو ۲۷ ہوئے

ابجد قمری میں اس درجہ کا حرف ط ہے۔

۴ :- اسی طرح حرف کاف ملفوظی کے اعداد ۱۰۱ ہیں۔ ان کو ۲۸ پر تقسیم کیا تو باقی القسمت ۱۷ ہوئے ان پر ایک عدد بڑھایا تو ۱۸ ہو گئے۔ لہٰذا ابجد قمری میں اس درجہ کا حرف ص ہے یا اگر کوئی عدد دوگنا کرنے سے ۲۸ سے زیادہ ہو جائے تو اسے ۲۸ پر تقسیم کرو۔ جو باقی بچے اس کا حرف بدستور لینا ہوگا۔

۵ :- اب سوال کے نقطے شمار کرو جس قدر نقطے ہوں اس درجہ کا حرف ابجد سے لو۔ اگر نقاط ۲۸ سے زیادہ ہوں تو ان کو ۲۸ پر تقسیم سے باقی القسمت کے عدد کا حرف ابجد سے اس درجہ کا لو۔

۶ :- ان چاروں حروف کو ایک سطر میں لکھ کر اس کا نظیرہ ابجد قمری سے لو تو جواب ناطق ہوگا۔ مثال ذیل سے سوال مندرجہ بالا کا حل دیکھو۔

تعداد حروف سوال ۲۶۔ حروف و ک۔ تعداد نقاط سوال ۲۲۔ حرف ت

۱- مثلاً تعداد حروف سوال ۲۶ + ۱ = ۲۷۔ حرف ظ مستحصلہ ہوا۔

۲- واو کے عدد ۱۳ + ۱۳ = ۲۶ + ۱ = ۲۷ حرف ظ مستحصلہ ہوا۔

۳- کاف کے عدد ۱۰۱ ÷ ۲۸۔ باقی القسمت ۱۷ + ۱ = ۱۸۔ حرف ص مستحصلہ ہوا۔

۴- نقاط ۲۲۔ حرف ت مستحصلہ قرار پایا۔

تعداد سوال کا حرف ظ نمبر۲۔ تعداد نقاط کا حرف ت۔ نمبر۳ واو کا حرف ظ نمبر۴ کاف کا حرف ص ہے اب یہ اساس بنی

اساس : ظ ت ظ ص

نظیرہ : م ح م د

نام ترتیب دیا = محمد صلی اللہ علیہ وسلم

تکملہ :- نمبر۱ تعداد حروف سوال مع ربع حرف از درجہ قمری ——— ظ

نمبر۲ نقاط سوال کا حرف درجہ ابجد قمری سے ——— ت

نمبر۳ تعداد حروف سوال کے حروف کی حیثیت کے حروف ابجد قمری سے ——— ظ

نمبر۴ حروف مستحصلہ کا نظیرہ ابجد قمری سے مواجب جواب ہوتا ہے ——— ص

مستحصلہ عجیبہ

۱ :- سوال معہ نام سائل لکھ کر اس سوال کے حروف کو علیحدہ علیحدہ ایک سطر میں بچھاؤ۔

۲ :- سوال کے جتنے حروف ہوں ان کی تعداد سے حروف بناؤ۔

۳ :- سوال کے جتنے نقطے ہوں ان کی تعداد سے حروف بناؤ۔

۴ :- سوال کا جمل کبیر بناؤ اور اس جمل کبیر کو اُلٹا دو۔ مثلاً کسی سوال کا جمل کبیر ۱۲۹۳ ہے۔ اس سے حروف ج۔ ص۔ ر۔ غ۔ ہوئے ان حروف کو اس طرح اُلٹا کیا کہ پہلے ہزار کے عدد غ لکھا۔ پھر سینکڑے کے عدد ۲ کا ر لکھا۔ پھر دہائی کے عدد ۹ کا ص لکھا۔ پھر اکائی کے عدد ۳ کا ج لکھا یہ حروف الٹ کر یوں ہوئے غ ر ص ج۔

۵ :- پھر سوال کے حروف کے آگے تعداد حروف کے حرف لکھے۔ پھر ان کے بعد تعداد نقاط کے حروف لکھے۔

۶ :- پھر سارے حروف ملفوظی صورت میں لایا گیا۔ یہ اساس ہو گی۔ ان کو نیچے ان حروف کو نظیرہ ابجد قمری سے دیا گیا۔

۷ :- تیسری سطر میں ابجد قمری کے حروف کا جواب کے لیے حروف مستحصلہ حاصل کیا گیا۔ جن کی صورت ان کے حل میں موجود ہے۔

میرے ایک دوست نے سوال کیا اس کا کچھ مال چوری ہوا ہے۔ لہذا یہ سوال قائم کیا "اسم وزدچہ است" نام سائل مشتاق۔

کل اعداد سوال۔ ۱۲۲۶۔ حروف کی تعداد۔ ۱۶ - تعداد نقاط۔ ۱۳۔

سوال اُلٹا کر حروف بناؤ۔ ۱۲۲۶ - حرف۔ غ ر ک و۔

حروف تعداد سوال۔ ۱۶ - و ی - تعداد نقاط - ۱۳ - ج ی

کل حروف یہ ہوئے۔ غ۔ ر۔ ک۔ و۔ ی۔ و۔ ی۔ ج۔ ان کو ملفوظی کیا تو یہ اساس بنی۔ غ - ی - ن - ر - ا - ک - ا - ف - و - ا - و - ی - ا - و - ا - و - ی - ا - ج - ی - م۔

ان حروف کی سطر اساس قائم کی گئی تو یہ ہوئی۔

نمبر شمار	حروف اساس	نظیرہ	حل وعمل جو کیا گیا۔	مستحصلہ جواب
۱	غ	ن	اس کا دوگنا ق ہے اس کا تنزل ا لیا گیا۔	ا
۲	ی	خ	ی کا نظیرہ خ اس کا ہم شکل ج کا نظیرہ ف کا تنزل س لیا گیا	س
۳	ن	غ	اس کا بینہ ن کا تنزل م لیا گیا۔	م
۴	ر	و	اس کا ہم شکل حرف د لیا گیا۔	د
۵	ا	س	اس کا نظیرہ الف کا ترفع اوتادی و اس کا ترفع ز لیا گیا۔	ز
۶	ک	ذ	اس کا ہم شکل د لیا۔	د
۷	ا	س	اس کا ترفع ع سے لیا گیا۔	ع
۸	ف	ج	اس کا عدد ۳ ہے۔ اس کا حرف ایقغ کی رو سے ل لیا گیا۔	ل
۹	و	ر	ر کے عدد ۲۰۰ نصف کیا ۱۰۰ ایک درجہ تنزل کیا ۱۰ حرف ی لیا گیا۔	ی
۱۰	ا	س	خود گویا ہے۔ س لیا گیا۔	س
۱۱	و	ر	خود گویا ہے۔ ر لیا گیا۔	ر
۱۲	ی	خ	خ کے عدد ۶ اس کے دو ثلث ۴۔ حروف دال لیا گیا۔	د
۱۳	ا	س	اس کا درمیانی حرف بینہ ی اس کے عدد کا تنزل الف لیا گیا۔	ا
۱۴	و	ر	خود گویا ہے ر لیا گیا۔	ر
۱۵	ا	س	عدد ۶ اس کا نصف ۳ لہذا حرف ج لیا گیا۔	ج
۱۶	و	ر	عدد ۲ تین گنا کیا عدد ۶ بنا حرف و لیا گیا	و
۱۷	ی	خ	عدد ۶ دو کم کئے ۴ باقی حرف ت لیا گیا۔	ت
۱۸	ا	س	س کے عدد ۶۔ ہم عدد و کا تنزل ہ لیا گیا۔	ہ
۱۹	ج	ف	اس کا بینہ الف لیا گیا۔	ا
۲۰	ی	خ	خ کے عدد ۶ اس کا ہم عدد س لیا گیا۔	س
۲۱	م	ظ	ظ کا نظیرہ م عدد ۴۰ حرف ت لیا گیا۔	ت

جواب:- اسم دزد علی سردار جوتہ است۔ (نام کے علاوہ چور کی قوم بھی نکل آئی ہے۔)

مستحصلہ ترفعی

قواعد:۔ نمبر ۱ سائل کے سوال کو مختصر مگر حامل المفہوم لکھو۔ نمبر ۲ اس وقت سورج جس برج میں ہو اس برج کا نام لکھو۔ نمبر ۳ اس وقت قمر جس برج میں ہو اس برج کا نام لکھو۔ نمبر ۴ اس روز جو ستارہ حاکم یوم ہو اس کا نام لکھو۔ نمبر ۵ اس وقت جس ستارے کا وقت ہو اس کا نام لکھو۔

ان پانچ امور کے مجموعہ کو اس طرح اکٹھا کرو پہلے مختصر سوال۔ پھر برج شمس۔ پھر برج قمر پھر ستارہ حاکم یوم پھر ستارہ وقت کا نام لکھو۔

ان تمام امور کے الفاظ کو مفرد حروف کی صورت میں ایک سطر میں لکھو۔ پھر ان ہر حروف کے تحت اس کا ترفع حرفی لکھتے جاؤ۔ اسی طرح چند سطریں ترفعات حروف کی بناؤ کم سے کم چودہ سطریں ہوں اگر جواب پورا مکمل نہ ہو تو اکیس سطریں بناؤ یہ سطریں ہر سطر کے ہر حرف کی ترفعاتی حروف کی بنتی ہیں۔ ذیل کی مثال پر غور کرو۔

اس سارے حروف کے ترفعاتی نقشہ میں ہر سطر میں دائیں سے بائیں اور پھر بائیں سے دائیں۔ اوپر سے نیچے۔ پھر نیچے سے اوپر اور ترچھے۔ ان حروف کے جہاں جہاں فقرے بن سکیں بناؤ۔ اور ان فقروں کو ایک جگہ ترتیب سے لکھو۔ بفضلہ تعالیٰ جواب ناطق ہوگا۔ مثال کے ترفعی نقشہ میں جن حروف پر لکیر لگا دی گئی ہے۔ ان حروف سے کوئی ناطق فقرہ بنتا ہے۔

مثلاً

سوال ہے:۔ احمد کب آئے گا؟ برج شمس حمل۔ برج قمر جدی۔ حاکم یوم ستارہ زحل۔ ستارہ وقت سوال قمر تھا۔ ان سب حروف کو اس طرح مفرد حروف کی شکل ایک سطر میں لکھا۔ اس سطر کو اساس کہتے ہیں۔

سطر اساس یہ ہے۔

ا ح م د ک ب ا ء ی گ ا ح م ل ج د ی

ز ح ل ق م ر ۔ ۲۳ حروف

" اس کا حل دوسرے صفحہ پر دیکھو "

۴-۱۴-۲-۱۵-	ا	ح	م	د	ک	ب	ا	ع	ی	ک	ا	ح	م	ل	ج	د	ی	ز	ح	ن	ن	م	ر
۳-۱۳-۱۸	ب	ط	ن	ه	ل	ج	ب	ب	ک	ل	ب	ط	ن	م	د	ه	ک	ح	ط	م	ر	ن	ش
۹-۱۲-۱-۱۷-	ج	ی	س	و	م	د	ج	ج	ل	م	ج	ی	س	ن	ه	و	ل	ط	ی	ن	ش	س	ت
۲۰	د	ک	ع	ز	ن	ه	د	د	م	ن	د	ک	ع	س	و	ز	م	ی	ک	س	ت	ع	ث
۵-	ه	ل	ف	ح	س	و	ه	ه	ن	س	ه	ل	ف	ع	ز	ح	ن	ک	ل	ع	ث	ف	خ
	و	م	ص	ط	ع	ز	و	و	س	ع	و	م	ص	ف	ح	ط	س	ل	م	ف	خ	ص	ذ
	ز	ن	ق	ی	ف	ح	ز	ز	ع	ف	ز	ن	ق	ص	ط	ی	ع	م	ن	ص	ذ	ق	ض
۷	ح	س	ر	ک	ص	ط	ح	ح	ف	ص	ح	س	ر	ق	ی	ک	ف	ن	س	ق	ض	ر	ز
	ط	ع	ش	ل	ق	ی	ط	ط	ص	ق	ط	ع	ش	ر	ک	ل	ص	س	ع	ر	ظ	ش	غ
۱۱-	ی	ف	ت	م	ر	ک	ی	ی	ق	ر	ی	ف	ت	ش	ل	م	ق	ع	ف	ش	غ	ت	ا
۱۶	ک	ص	ث	ن	ش	ل	ک	ک	ر	ش	ک	ص	ث	ت	م	ن	ر	ف	ص	ت	ا	ث	ب
۶-۸	ل	ق	خ	س	ث	م	ل	ل	ش	ت	ل	ق	ذ	ث	ن	س	ش	ص	ق	ث	ب	خ	ج
۱۰-	م	ر	ذ	ع	ث	ن	م	م	ت	ث	م	ر	ض	خ	س	ع	ت	ق	ر	خ	ج	ذ	ز
	ن	ش	ض	ف	خ	س	ن	ن	ث	خ	ن	ش	ط	ذ	ع	ف	ث	ر	ش	ذ	د	ض	ه

(جواب) وہ جلدی[۲] نہ آئے وہ خلق کے ستم سے مرض مرگ[۱۱] سے[۱۲] بچ[۱۳] گیا ہے کراچی میں ہے دو ماہ[۱۹] لگ[۲۰] یں[۲۱] گے[۲۲]

ملاحظہ:- تفہیم فقرات کے لئے ہم نے اس نقشہ میں ہر فقرہ جو ناطق ہوا ہے میں نے نمبر لگا دیئے ہیں۔ ان فقرات کے نمبروں کے تحت جو جواب مرتب ہوا ہے وہ یہ ہے۔

جواب:- وہ جلدی نہ آئے وہ خلق کے ستم سے مرض مرگ سے بچ گیا ہے کراچی میں ہے دوماہ لگیں گے۔ اسی طرح فقروں کی مزید ترتیب سے اور بھی فقرے بن سکتے ہیں جو اس کیفیت حال کے آئینہ دار ہوں گے۔ اسی طرح اگر مستحصل کسی سوال کے جواب کے لئے جتنی تندہی سے کوشش کر کے فقرات ناطق حاصل کرے گا تو یہ کسی سوال کا جواب مشرح پائے گا۔
اسی طرح اس مستحصلہ کی ایک قسم مستحصلہ تنزلی ہے اور ایک قسم مستحصلہ یک یہی ہے جو اسی ہی طریقہ سے بلد عمل حل ہوتی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

مستحصلۂ ودیہ

جناب مرزا امیر شفیق ساکن ریاست رام پور نے جو موصوف ہندوستان کے زمانہ میں لاہور میں رسالہ روحانی دنیا کے مدیر اعلیٰ تھے۔ اور بعد میں انھوں نے لاہور ہی سے ماہنامہ روحانی عالم کا اجراء فرمایا۔ مجھے چند مستحصلے عنایت فرمائے تھے۔ ان میں سے دو مستحصلے ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔ یہ مستحصلہ ضرب مشبکہ کے ذریعہ حل ہوتا ہے جس کے قوانین درج ذیل ہیں۔

نمبر ۱: سوال کو مفرد حروف میں لکھکر اس کا جمل کبیر لے کے علیحدہ رکھو۔

نمبر ۲: اس وقت آفتاب جس برج کے جس درجے پر ہو اس سے پہلا درجہ لکھو۔ کیونکہ جس درجہ پر اس وقت چل رہا ہے۔ وہ ناقص ہے اسے ترک کر دو۔

نمبر ۳: جس برج میں آفتاب چل رہا ہو یہ جنواں برج ہو اس کا نمبر لکھو۔

نمبر ۴: قمر جس برج کے جس درجہ پر ہو وہ درجہ اور برج کا نمبر لکھو۔

نمبر ۵: وقت سوال کے انگریزی ماہ کی تاریخ اور اس مہینہ کا نمبر لکھو۔

نمبر ۶: جس سال میں یہ عمل کر رہے ہو اس سال عیسوی کو لکھو۔

نمبر ۷: جس دن میں یہ عمل کر رہے ہو اس دن کا جمل کبیر لکھو۔

نمبر ۸: طالع وقت جو ستارہ ہو اس کا جمل کبیر لکھو۔

نمبر ۹: سائل کے نام کا جمل کبیر لکھو۔

نمبر ۱۰: اب سوال کے جمل کبیر کے علاوہ باقی سب امور کے جمل کبیروں کو میزان کر کے علیحدہ رکھو۔

نمبر ۱۱: اب ان دونوں جمل کبیروں کو شبکہ میں ضرب دو چھوٹے جمل کبیر کو مشبکہ کی پیشانی پر۔ اور بڑے جمل کبیر کو شبکہ کے پہلو میں لکھ کر ضرب دو۔

نمبر ۱۲: مشبکہ کے اندرونی اعداد کے بلحاظ مراتب قمری حروف بناؤ۔

نمبر ۱۳: پھر ان حروف کو خالص کرو یہ سطر اساس ہو گی۔

نمبر ۱۴: پھر ان حروف کو ابجد قمری سے نظیرہ دو یہ مستحصلہ صغیر ہو گی۔

اس کا دوسرا طریقہ مستحصلہ کبیر سے ہے جو اس طرح سے ہے۔

نمبر ۱۵: خلاص حروف کو ابجد عربی کے عددی حروف میں تبدیل کرو اور پھر ان

حروف کو نالمس کر کے بلا ستون لکھو۔ وہ یہ مستحصلہ کبیر ہے۔

نمبر ۱۶ : ۔ پھر مستحصلہ کبیر کے ہر حرف کو ابجد قمری میں دیکھو۔ جہاں وہ اس سے چوتھا حرف لیتے جاؤ۔ (خ سے چوتھا ف سے گنو)

نمبر ۱۷ : ۔ پھر حروف کے عدد کو تین سے ضرب دو اور حاصل عدد یا اعداد کے ابجد قمری سے حروف بناؤ یہ حروف مستحصلہ حسنی ہوں گے۔

نمبر ۱۸ : ۔ ان حروف مستحصلہ کے ہر حرف کو حروف مساوات و تنزل اور ترفع یا ترقی سے تبدیل کرو یعنی حروف ترقی کو ترفع اور ترفع کو ترقی سے اور حروف مساوات کو تنزل سے اور حروف تنزل کو مساوات سے تبدیل کرو اور ضرورتاً اس کے برعکس بھی کر سکتے ہو اور ہر حرف مساوات کو مساوات سے ترفع کو ترفع سے تنزل کو تنزل سے ترقی کو ترقی سے۔ اگر اشد ضرورت پڑے تو ایک دو حرف لے سکتے ہو اور ہم آواز یا ہم شکل نقشہ حروف مساوات ہے۔

مساوات	ا	ج	ہ	ز	ط	ک	م
ترفع	ب	د	و	ح	ی	ل	ن
تنزل	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
ترقی	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ

اب حل شدہ مثال پر غور کرو مستحصلہ صغیر سے یہ عمل کیا جاتا ہے۔

سوال : ۔ دو فروری ۱۹۷۸ء بروز جمعہ جبکہ سورج برج جدی میں تھا اور بیسواں درجہ تھا۔ اور قمر برج حوت کے چوتھے درجہ پر تھا۔ طالع وقت یعنی یوم ستارہ زہرہ تھا۔ سائل نے سوال کیا کہ "وسایا بن حبنت کو کیا مرض ہے"۔ یہ سوال قائم ہوا۔ جمل کبیر سوال ۱۹۵ء۔ نمبر ۲ سورج برج جدی کے ۲۰ درجہ پر تھا۔ برج کا نمبر ۱۰۔ درجہ ۲۰ ناقص ہے اس کا ۱۱ درجہ کامل لیا۔ نمبر ۳ ستارہ قمر برج حوت کے چوتھے درجہ پر تھا برج کا نمبر ۱۲ اور چوتھا درجہ لکھا۔ نمبر ۴۔ فروری کے مہینہ کی ۲ تاریخ تھی مہینہ کا نمبر ۲۔ اور تاریخ کا نمبر بھی ۲ سے لئے گئے۔ نمبر ۵۔ ۱۹۶۸ء تھا یہ عدد لیے نمبر ۶ دن جمعہ کا تھا

اس سے عدد ١١٠ لیے رب طالع وقت ستارہ زہرہ کے عدد ٢١٧ ہیں لکھے گئے۔ عدد ٨٠ بسایا سائل کا نام ہے عدد ٨٧ ہیں۔ ماسوائے جمل کبیر سوال کے جو کہ ١٦٩٥ ہے باقی جمیل دوم = ١٠ + ١٩ + ١٢ + ٤ + ٢٤ + ٢ + ١٩٦٨ + ١١٠ + ٢١٧ + ٧٨ = ٢٢٣٠ ہوا۔ عدد ١٩ - ١٦٩٥، کو شبکہ کی پیشانی پر لکھا اور ٢٢٣٠ کو شبکہ کے پہلو میں لکھا اور ضرب سے ٣٧٦٧٨٥٠ حاصل ضرب ہوئی

ملاحظہ ہو شبکہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔



٥	٩	٦	١	
١ / ٠	١ / ٨	١ / ٢	٠ / ٢	٢
١ / ٠	١ / ٨	١ / ٢	٠ / ٢	٢
١ / ٥	٢ / ٧	١ / ٦	٠ / ٣	٣
٠ / ٠	٠ / ٠	٠ / ٠	٠ / ٠	٠

اب شبکہ کے اندرونی خانہ کے اعداد سے حرف بنائے تو یہ بنے۔

ہ ا ا ز ک ح ی ح ی ط ب ی ب ی ح ب ب۔

یہ ١٨ حرف منضبط ہوئے۔

اب ان حروف کو خالص کیا تو یہ مخلص حروف بنے ہ ا ز ک ح ی ط ب؛

اساس ملخص	ہ	ا	ز	ک	ح	ی	ط	ب
نظیرہ	ق	س	ش	ذ	ت	خ	ث	غ
چوتھا حرف	ن	ص	خ	غ	ذ	ظ	ض	ق
عدد صغیرہ	٤	٩	٦	١	٧	٩	٨	١
ضرب فی نفسہ	١٦	٨١	٣٦	١	٤٩	٨١	٦٤	١
حروف اعداد ضرب	وی	اف	ول	ا	طم	اف	دس	ا
جواب	اس	ی ب	ک ی	و	ج ھ	م ر	ض ہ	ی

جواب ١:- آسیب کی وجہ مرض ہے

یہ جواب کیسے مستخرج ہوا اس کو غور سے ملاحظہ فرمائیے اور دائرہ انظاریہ مد نظر رہے۔

١۔ حروف اعداد ضرب کے خانہ میں پہلا حرف (و) ہے جس کا عدد مفرد ٦ ہے۔ دائرہ نظارہ میں نمبر ٦ کے تحت نظیرہ قمری میں الف موجود ہے۔ اور تنزیلاً ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

نظیرہ الفغ کے خانہ میں نمبر ۵ کے نیچے الف تصدیق کرتا ہے کہ وہ بھی مستحصلہ ہے۔

۲ :- دوسرا حرف اس کے بعد (ی) ہے جس کا مفرد عدد ایک ہے دائرہ مذکور میں نمبر ۱ کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے حرف (ی) موجود ہے اور اسی نمبر کے تحت نظیرہ الفغ کے سامنے حرف (ی) مصدق موجود ہے۔ پس معلوم ہوا کہ (ی) حرف مستحصلہ ہے

۳ :- تیسرا حرف (ا) ہے جس کا عدد ایک ہے دائرہ مذکور میں نمبر ۱ کے تحت تسعات الفغ کے سامنے اس کا ہم قیمت حرف (ی) موجود ہے اور تنزلاً نمبر ۹ کے تحت نظیرہ ازعزیزہ الفغ کے سامنے (ی) حرف موجود تصدیق کرتا ہے کہ (ی) مستحصلہ

۴ :- چوتھا حرف عدد ضرب (ف) ہے جس کا مفرد عدد آٹھ ہے دائرہ مذکور میں تنزلاً نمبر سات کے سامنے (ب) موجود ہے نظیرہ قمری کے سامنے ب اور پھر تنزلاً نمبر ۶ کے تحت نظیرہ الفغ کے سامنے بھی (ب) مصدق موجود ہے لہذا ب مستحصلہ ہے۔

۵ : پانچواں حرف عدد ضرب (و) ہے۔ جس کا عدد مفرد ۶ ہے دائرہ مذکور میں اس نمبر کے تحت نظیرہ الفغ کے سامنے (ب) موجود ہے اور ترفعاً نمبر ۷ کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے (ب) کا ہم قیمت (ک) موجود ہے اور اس نمبر کے نیچے نظیرہ الفغ کے سامنے ک مصدق مستحصلہ ہے۔

۶ :- چھٹا حرف عدد ضرب لام ہے جس کا مفرد عدد ۳ ہے۔ اس نمبر کے تنزلاً نمبر ۲ کے تحت نظیرہ الفغ کے سامنے الف موجود ہے اس کا ہم عدد حرف ی ہے جو تنزلاً نمبر ۱ کے تحت ی موجود ہے پھر تنزلاً نمبر ۱ کے نیچے عزیزہ الفغ کے سامنے ی مصدق موجود ہے۔

۷ :- ساتواں حرف عدد ضرب الف ہے جس کا مفرد عدد ایک ہے دائرہ میں اسی نمبر کے نیچے نظیرہ الفغ کے سامنے (د) موجود ہے اور ترفعاً نمبر ۲ کے نیچے نظیرہ قمری کے سامنے (د) مصدق موجود ہے جو کہ مستحصلہ ہے۔

۸ :- آٹھواں حرف ضرب ط ہے جس کا مفرد عدد ۶ ہے دائرہ النظیریہ میں (۲) نمبر کے تنزلاً نمبر نظیرہ ارعی کے سامنے ق اور نمبر ۸ کے نیچے نظیرہ الفغ کے سامنے بھی حرف ق مصدق ہے اور اس کا ہم قیمت عدد کا حرف خ تنزلاً نظیرہ الفغ کے سامنے موجود ہے جس کی تصدیق ترفعاً نمبر ۸ کے نیچے نظیرہ قمری کے سامنے (ی)

حرف مصدق مستحصلہ ہے ۔

نمبر ۹ :- نانواں حرف ۔ ضرب میم ہے ۔ جس کا مفرد عدد ۴ ہے ۔ اس نمبر کے ترفعاً نمبر ۵ کے نیچے تسعات ایقغ کے سامنے ھ موجود ہے اور تنزلاً بھی نمبر ۳ کے نیچے نظیرہ ایغی کے سامنے (ھ) مصدق موجود مستحصلہ ہے ۔

نمبر ۱۰ :- دسواں حرف عدد ضرب الف ہے ۔ جس کا مفرد عدد ایک ہے ۔ دائرہ النظاریہ میں اس نمبر کے نیچے عزیزہ ایقغ میں ب س موجود ہے ۔ ان کا اہم عدد نمبر ۲ ہے ۔ اس نمبر کے نیچے نظیرہ ارعی کے سامنے میم موجود ہے ۔ جو کہ مستحصلہ ہے

نمبر ۱۱ :- گیارہواں حرف عدد ضرب (ف) ہے اس کا مفرد عدد ۸ ہے ۔ دائرہ ۵ میں اس نمبر کے تنزلاً نمبر ۷ کے نیچے نظیرہ ایقغ کے سامنے (س) ہے پھر تنزلاً نمبر ۲ کے نیچے نظیرہ قمری میں س موجود مصدق مستحصلہ ہے ۔

نمبر ۱۲ :- بارہواں حرف عدد ضرب دال ہے ۔ جس کا مفرد عدد ۴ ہے ۔ اس نمبر کے نیچے نظیرہ ایقغ کے سامنے ض مستحصلہ ہے ۔ جس کی تصدیق تنزلاً نمبر ۳ کے نیچے نظیرہ قمری کے سامنے ض موجود مصدق مستحصلہ ہے ۔

نمبر ۱۳ :- تیرھواں حرف عدد ضرب سین ہے ۔ اس کا مفرد عدد ۶ ہے ۔ دائرہ میں اس نمبر کے تحت عزیزہ ایقغ کے سامنے ھ مستحصلہ ہے ۔ تنزلاً نمبر ۵ کے نیچے تسعات ایقغ کے سامنے بھی ھ مصدق ہے ۔

نمبر ۱۴ :- چودھواں حرف عدد ضرب (الف) ہے اس عدد کا مفرد ایک ہے ۔ اور دائرہ النظاریہ میں اس نمبر کے نیچے تسعات ایقغ کے سامنے ی موجود ہے ۔ تنزلاً نمبر ۹ کے نیچے عزیزہ ایقغ کے سامنے ی موجود مصدق مستحصلہ ہے ۔

مستحصلہ رمل

معلوم رہے کہ جفر کا مستحصلہ علم الحروف سے ہی منسوب ہے ۔ مگر علمائے جفر نے نجوم و علم رمل ، علم الاعداد سے بھی مستحصلہ حل کیا ہے ۔ مگر آج تک یہ راز گناہ گار کے عیوب کی طرح بخل کی صندوق میں بند رہا ہے ۔ ان علوم کی کتب متداولہ میں اس کا اشارہ ملتا ہے ۔ اس جگہ بپاسِ خاطر شائقین مستحصلہ رمل بیان کرنا مقصود ہے

جس طرح اسرار الحروف سے کسی سوال کا جواب مستحصلہ کے ذریعہ الفاظ میں برآمد ہوتا ہے بعینہٖ اسی طرح رمل سے بھی ہوتا ہے۔ مستحصلہ کا سنگ بنیاد حروف اساس کا استخراج کرنا ہے جب ایسا ہو جائے تو پھر مختلف قواعد کی رو سے جواب بھی برآمد ہو جاتا ہے۔ میں نے کوشش بلیغ اور مطالعہ کثیرہ سے اس کو آسان کر دیا ہے۔ اب خدا تعالیٰ آپ کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ضروری قواعد

- سوال کو دل میں رکھ کر بذریعہ قرعہ رمل زائچہ کی چار اشکال امہات بنا کر پھر بطریق رمل زائچہ مکمل کرو کہ صحیح زائچہ بن جائے۔
- زائچہ کے خانہ پانزدہم کی شکل کے عدد دائرہ ابدح کی رُو سے معلوم کرو۔ جو عدد ہوں ان سے دو کم کر دو باقی کو زائچہ کے خانے اول سے طرح دو۔ یہ عدد جہاں ختم ہوں اس شکل کو لو اس منتہی شکل کا نام متن ہے۔ اگر خانہ پندرہ کی شکل کے اعداد سے دو کم نہ ہو سکتے ہوں تو وہی عدد رہنے دو۔

نقشہ اعداد دائرہ ابدح



ترتیب	١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨
ابدح								
اعداد								
ترتیب	٩	١٠	١١	١٢	١٣	١٤	١٥	١٦
ابدح								
اعداد								

- پھر اس شکل متن کو زائچہ کی خانہ سوم کی شکل سے ضرب دو جو شکل حاصل ہو اس کا نام شرح ہے۔ اب شرح کی شکل کے عنصر نار کو حل عقد کرو۔ جو شکل بن جائے اس کا نام تفسیر ہے۔ پھر شکل متن کے عنصر نار کو حل عقد کرو۔ اور چوتھی شکل بنا لو۔ اس کا نام تاویل ہے۔ پھر ان چاروں شکلوں کے حروف مندرجہ ذیل دائرہ سے لکھو۔ حل عقد کی وضاحت یہ ہے کہ اگر شرح و متن اشکال کا عنصر نار اگر بستہ ہے تو کشادہ کر دو یعنی زوج کی جگہ فرد لے آؤ۔

اگر اوپر کی [illegible] ہے تو ثابت کر دو یعنی فرد کی بجائے زوج ہے ۔ آئے مثلاً شکل شرح ⁝ ہے اوپر زوج کی جگہ فرد لایا گیا تو ⁝ یہ شکل تفسیر بن گئی ۔ اسی طرح شکل متن فرض کرو ۔ ⁝ قبض الداخل ہے اس کا حل کیا ⁝ تو شرح تاویل آ گئی ۔ وقس علیٰ ہذا ۔ حل عقد کی تشریح کتب رمل میں بالتفصیل موجود ہے ۔ اب دائرہ حروف اشکال ملاحظہ فرمائیں ۔

دائرہ ابجد بمعہ حروف

ترتیب	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
ابجد	· — — —	— · — —	· · — —	— — · —	· — · —	— · · —	· · · —	— — — ·
حروف اشکال	ا ف ی	ج ق ل	و ت س	د ر ع	ل ع ش	س خ	ح خ ف	ب س ک
ترتیب	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
ابجد	· — — ·	— · — ·	· · — ·	— — · ·	· — · ·	— · · ·	· · · ·	— — — —
حروف اشکال	ن ث	ک ظ م	ط ذ ص	ھ ش ن	ی ش ق	ز ث غ	غ ذ	ع ت

- متن ۔ شرح ۔ تفسیر ۔ تاویل ۔ اشکال کے حروف مندرجہ بالا دائرہ سے حاصل کر کے ایک جدول بنا کر ہر حرف کو سلسلہ وار ہر خانہ میں لکھو ۔ یہ سطر اساس کہلائے گی ۔
- پھر دوسری سطر میں اساس کے حروف کو ابجد قمری سے ہر حرف کے نیچے اس کا نظیرہ درج کرو ۔
- پھر تیسری سطر میں سطر نظیرہ کو صدر مؤخر کرو کہ جملہ حروف گردش کھا جاویں ۔
- پھر چوتھی سطر میں ہر حرف کے نیچے اس عدد الفقی درج کرو ۔
- پھر پانچویں سطر میں ہر عدد کے تحت عدد عشرات آخری خانے تک لکھو ۔ جو ایک سے ۹ تک ہوں گے ۔ اگر عدد یا حرف زائد ہوں تو پھر دسویں

خانہ میں صفر لگا کر گیا ہوں ۔ ت پھر ۱۔ ۲۔ ۳۔ ۴ لکھتے جاؤ جتنی بار آتا ہے ں

- پھر چھٹی سطر میں ہر خانہ کے نیچے عدد رابعات درج کرو ۔ اس طرح کہ پہلے چار خانہ میں ۱۔ ۲۔ ۳۔ ۴۔ اور پھر باقی خانوں میں اس طرح ایک ، دو ، تین چار لکھتے جاؤ جہاں تک یہ سلسلہ چلا جائے ۔

- پھر ساتویں سطر میں تکرار حروف لکھو ۔ جو حروف سطر موخر میں ایک بار ہو اس کے نیچے ایک اگر وہ حرف دوسری بار آئے تو اس کے نیچے دو اور تیسری بار آئے تو اس کے نیچے تین اگر چوتھی بار آئے تو اس کے نیچے تین اگر چوتھی بار آئے تو اس کے نیچے چار کا عدد لکھو یہ تکرار چار کے عدد تک ہوگی اگر وہی حرف پانچویں مرتبہ ہو اس کے نیچے پھر ایک سے لکھو جہاں تک یہ سلسلہ جائے یہی عمل کرو ۔

- پھر آٹھویں سطر میں ہر عدد کے اوپر سے نیچے میزان کرو ۔ یہ میزان اکائی یا اکائی دہائی تک ہو گی ۔

- پھر نالویں سطر میں عدد میزان کے مل سے بقایا عدد لکھ کر حاصل عدد کا حرف اس کے مطابق دائرہ الذارہ سے حاصل کر کے جواب مکمل کرو جس کا قاعدہ یہ ہے ۔

ملا عدد اکائی حرف ما عدد دہائی کو اکائی تصور کر کے اس کا عدد ۔ ما یا عدد اکائی کو جمع کر کے اس کی اکائی کا عدد ما یا دو عددوں کو ایک دوسرے سے منہا کر کے باقی عدد کا حرف لیا جائے گا ۔ ۵ اگر دو مساوی عدد ایک دوسرے سے منہا نہ ہو سکیں تو کسی عدد کو برقرار رکھا جائے گا ۔ اگر سلسلہ کا کوئی حرف نہ بنے تو اس نمبر کے تنزل یا ترفع سے کام لیا جائے گا تو لفضلہ تعالیٰ جواب باصواب برآمد ہو گا ۔



مزید تفہیم کے لیے اس سارے عمل کو ایک مثال کے ذریعے حل کیا جاتا ہے اس پر غور فرمایئے ۔

ایک آدمی نے سوال کیا کہ علم الدین بن مریم کی شادی نذیراں بنت اللہ رکھی سے ہو گی کہ ۔

قرعہ پھینک کر یہ اشکال حاصل کیں اور زائچہ یہ تیار ہوا ۔

خانہ پانزدہم کی شکل اجتماع ⁝ ہے کے اعداد دائرہ ابجد کی رو سے چھ ہیں۔ دو کم کئے باقی چار رہے۔ زائچہ کے خانہ اول سے طرح خانہ چہارم پر ختم ہوئی۔ اس میں شکل حمرہ ⁝ ہے۔ لہٰذا یہ شکل متن ہے۔ اب اس متن کی شکل کو زائچہ کے خانہ سوم کی شکل اجتماع ⁝ سے ضرب کیا ⁝ × ⁝ تو شکل بیاض ⁝ پیدا ہوئی یہ شکل شرح ہے۔ پھر بیاض کے عنصر نار کو حل عقد کیا تو نصرۃ الخارج ⁝ تاویل حاصل ہوئی۔ یہ چار اشکال ہیں۔ ⁝ متن، ⁝ شرح، ⁝ تفسیر، ⁝ تاویل۔ ان کے حروف حاصل کئے۔ ⁝ ج ق ل، ⁝ د م ر، ⁝ ل ع ش، ⁝ و ت س، یہ بارہ حروف اساس ہیں۔ ان کو جدول میں اس طرح لکھا گیا۔

اساس	ج	ق	ل	د	ر	م	ل	ع	ش	و	ت	س
نظیرہ قمری	ف	ہ	ض	ص	و	ظ	ض	ب	ز	ر	ح	ا
صدر مؤخر	ا	ف	ح	ہ	ر	ض	ز	ص	ب	و	ض	ظ
عدد القع	ا	۸	۸	۵	۲	۸	۷	۸	۲	۶	۸	۹
عشرات	۳	۲	۱	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ربعات	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
تکرار حرف	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۲	۱
میزان	۷	۱۳	۱۳	۱۹	۱۲	۱۸	۱۷	۱۹	۸	۱۲	۱۵	۱۵
مفرد عدد	۷	۳	۲	۸	۳	۹	۸	۱	۹	۱	۴	۶
جواب	ب	ل	ک	ل	ش	ا	د	ی	ہ	و	ج ا	ی

جواب :- بالکل شادی ہو جائے۔ دائرہ انظاریہ سامنے رکھ کر غور کرو۔

تفصیل جواب

(۱)۔ پہلا عدد ۷ ہے۔ دائرہ انظاریہ اس عدد کے نیچے "ب" ہے تنزیلا نمبر ۶ کے تحت نظیرہ القع کے سامنے یہ "ب" موجود مصدق مستعملہ ہے۔

(۲)۔ دوسرا عدد ۳ ہے۔ دائرہ میں اس عدد کے نیچے ل ہے۔ تنزلا نمبر ۲ کے

تحت نظیرہ ارغی کے سامنے لام موجود مصدق مستحصلہ ہے

نمبر۳ :۔ تیسرا عدد ۲ ہے اس عدد کے نیچے ک ہے اور ترفعاً نمبر ۲ کے تحت عزیزہ البقغ کے سامنے ک موجود مصدق مستحصلہ ہے۔

نمبر۴ :۔ چوتھا عدد ۸ ہے اس عدد کے نیچے لام ہے جو کہ مستحصلہ ہے۔

نمبر۵ :۔ پانچواں عدد ۳ ہے اس عدد کے نیچے ش ہے ترفعاً نمبر ۴ کے نیچے عزیزہ البقغ کے سامنے ش موجود مصدق مستحصلہ ہے۔

نمبر۶ :۔ چھٹا عدد ۹ ہے اس عدد کے تحت نظیرہ ارغی کے سامنے الف ہے ترفعاً نمبر ایک میں الف موجود مستحصلہ کی تصدیق کرتا ہے۔

نمبر۷ :۔ ساتواں عدد ۸ ہے اس عدد کے تحت نظیرہ البقغ کے سامنے د ہے ترفعاً نمبر ۹ کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے دال موجود مصدق مستحصلہ ہے۔

نمبر۸ :۔ آٹھواں عدد ایک ہے اس عدد کے تحت ی ہے تنزلاً نمبر ۹ کے تحت عزیزہ البقغ کے سامنے ی موجودہ مصدق مستحصلہ ہے۔

نمبر۹ :۔ نانواں عدد ۸ ہے ۱ سے ترفع کیا ۹ ہوا۔ اس عدد کے تحت نظیرہ البقغ کے سامنے ط ہے۔ ترفعاً نمبر ایک کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے ط موجود مصدق ہے

نمبر۱۰ :۔ دسواں عدد ایک ہے اس عدد کے نیچے نظیرہ البقغ کے سامنے ق ہے ترفعاً نمبر ۲ کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے ق موجود مصدق مستحصلہ ہے۔

نمبر۱۱ :۔ گیارہواں عدد ۴ ہے جو ۵ نفی ۱ سے بنا ہے۔ اس نمبر کے تحت عزیزہ البقغ کے جیم ہے۔ تنزلاً نمبر ۳ کے نیچے ج موجود مصدق مستحصلہ ہے اور الف بھی نمبر ۵ و ۶ میں موجود ہے۔

نمبر۱۲ :۔ بارہواں عدد ۶ ہے اس عدد کے تحت ی ہے اسکے تنزلاً نمبر ۵ کے نیچے نظیرہ البقغ کے سامنے ی موجود مصدق مستحصلہ ہے۔

لاثانی کتابیں
رحیم النجوم علم نجوم پر بہترین کتاب ہے
رحیم العملیات عاملین کیلئے ہے
رحیم الرمل علم رمل پر حاصل سیر بحث بہترین ذخیرہ ہے

مستحصلہ نوری

قواعد: نمبر ۱ سب سے پہلے سوال کی اساس بذریعہ جمل واعداد سوال سے ملفوظی حروف یا بذریعہ تخلیص حروف سوال قائم کریں اور پھر دوسری سطر میں حروف اساس کو ابجد قمری سے نظیرہ دیں۔

نمبر ۲۔ تعداد حروف اساس شمار کریں اور ہر حرف پر نمبر لکھ دیں۔ مثلاً فرضی عدد ۴۱۵۲ کے حرف بنے ب أ ن د ن ق أ ف د أ ل
خ ی ن۔

نمبر ۳:۔ یہی تعداد حروف اور ان پر نمبر لگانا اس مستحصلہ کی چابی ہے اس کے بغیر مستحصلہ حل نہیں ہوتا۔ اور اسی عمل سے ایک ہی حرف کا مستحصلہ بار بار بدلتا رہتا ہے چاہے اساس کے حروف بار بار ایک قسم کے کیوں نہ آئیں۔

نمبر ۴:۔ اگر حروف کو خالص کر کے اساس بنانا ہو تو پھر اسے ایک بار مؤخر صدر اور صدر مؤخر کر لیں۔ تاکہ سارے حروف گردش کھا جائیں پھر اسے نظیرہ دے دیں۔ اس نظیرہ والی سطر سے جواب پیدا ہوگا مگر نمبر اسی طرح اوپر لکھنا ہوں گے۔ کیونکہ ان ہی نمبروں کی شرکت سے سوال کا حل ہوگا۔

نمبر ۵:۔ حصول جواب کے لیے سطر نظیرہ کے حروف کو دیکھو اور گنو کر سالم اساس میں اس کے آگے کتنے حرف ہیں۔ مثلاً اوپر کی سطر اساس میں ہم نے حرف ف کا مستحصلہ لینا ہے۔ ف نمبر ۸ پر ہے اور کل نمبر حروف کے ۱۴ ہیں۔ ۱۴-۸ = ۶ باقی یعنی آگے کے چھ حرف ہیں اب ہم یا تو ۶ کے عدد سے حرف مستحصلہ لیں گے یا ق کے اپنے عدد ۴ سے مستحصلہ لیں گے اولاً ۶ کے عدد سے مستحصلہ آجائے گا۔ اگر نہ آئے اور ناطق نہ ہو تو آپ یہ سمجھیں کہ یہ کسی اور عدد کا محتاج ہے تو ۴ کے عدد سے مستحصلہ آجائے گا۔ اگر چار کے عدد سے حرف ناطق نہ آئے تو آخری شرط یہ ہے کہ اس کے اوپر کے عدد سے مستحصلہ لیں ق کے اوپر کا عدد ۸ ہے لہٰذا اس تیسری شرط کے مطابق ۸ کے عدد کا حرف مستحصلہ لیں۔

نمبر ۶:۔ یہ مستحصلہ ابجد اجہزط کے ذریعے حل کیا جاتا ہے اور وہ یہ ہے۔

نمبر ۷:- یہ مستحصلہ ایک حرف چھوڑ کر جواب دیتا ہے۔ یہی شاہ گیلانی بزرگ کا عمل ہے کہ موصوف شروع سے ہی ایک حرف چھوڑ کر اسکا مستحصلہ لیتے ہیں۔ اسس کے ساتھ جواب بنتا نظر آتا ہے۔

نمبر ۸: معلوم رہے کہ ۷۵ فیصد کو مستحصلہ حرف کے آگے کے حرف سے آئے گا اور ۱۵ فیصدی اسس کی اپنی اصل قیمت سے آئے گا اور دس فیصدی اوپر کے عدد سے آئیگا۔

نمبر ۹:- ابجد اجہزط کے اعداد دانایان جفر نے بڑے غور و خوض سے مقرر فرمائے ہیں لہٰذا حصول مستحصلہ یہی عدد کام دیں گے۔

ابجد اجہزط معہ اعداد

مساوات			ترفع		
ابجد	اعداد	اعداد	ابجد	اعداد	اعداد
ا	۲	۱۱	ب	۱۲	۳
ج	۶	۰	د	۱۴	۵
ہ	۱۰	۰	و	۱۶	۷
ز	۱۴	۵	ح	۱۸	۹
ط	۱۸	۹	ی	۲۰	۲
ک	۴۰	۴	ل	۳۰	۴
م	۸۰	۸	ن	۵۰	۵
اگر ترفع حرفی بھی کام نہ دے تو ترفع عددی استعمال کریں۔ مثلاً" مثال مذکور کے بخانہ سیزدہم سین سے ص لیا۔ اب باقی رہی صرف ایک صورتحال یعنی تنزل حرفی وہ بھی عند الضرورت استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً" ن سے م یا ج وغیرہ

سطر مستحصلہ کے بعد چوتھی سطر نظیرہ کی ہے جس کو آپ بخوبی سمجھ چکے ہیں۔ سطر پنجم عزیزہ کی ہے جس کے لئے جدول ہذا سے مدد لیں۔ یعنی جس حرف کا عزیزہ لینا ہو اس کو جدول ہذا میں تلاش کریں اس میں بھی جدول اساس و نظیرہ کی طرح دو سطریں ہیں۔ اگر آپ کا حرف اوپر کی سطر میں ہے تو اس حرف کے نیچے جو حرف لکھا ہے وہی اس کا عزیزہ ہے۔ اور اگر آپ کا

حرف نیچے کی سطر میں لکھا ہے تو جو حرف اس کے اوپر لکھا ہے وہ اس کا عزیزہ ہو گا۔

جدول عزائز

ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ	ب	د	ی	ن	س	ت	ض	☒
ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	☒

اس کے بعد کی دو سطریں تکسیری ہیں" تکسیر ٹکڑے ٹکڑے کرنے کو کہتے ہیں۔ لیکن اصطلاحا" خاص قسم کے توڑ جوڑ کو کہتے ہیں۔ یعنی پہلے سطر کا آخری حرف لینا اور پھر سطر اول کا حرف لے کر لکھنا۔ اسی طرح یہ عمل اس وقت تک جاری رکھتے ہیں جب تک سطر کے تمام حروف ختم نہ ہو جائیں اور ان حرف سے نئی سطر بر آمد ہو جائے جیسے۔

اب ج دھ پھر دوسری سطر تکسیر کو نظیرہ دے کر

تکسیر------ھ ادب ج جواب بر آمد کیا گیا ہے۔

جواب:۔ **هویقتلک بالغیب المسموم** بر آمد ہوا۔

کسوٹی پر

مستحصلہ ہذا جواب ضرور دے گا لیکن اس میں جو عملی اینچ پینچ اختیار کیا گیا ہے وہ ایسا ہے کہ اس کا سے پختہ کار کہنے مشق بھی بہ مشکل عہدہ بر آ ہو سکتا ہے۔ تو مشق و نو آموز کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ اس طرح اس مفید تر قاعدے کی افادیت محدود سے محدود تر ہو کر رہ جاتی ہے۔ ان مشکلات کو مد نظر رکھ کر اس کا سہل ترین طریقہ عمل پیش کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ۔

نظیرہ اساس بچھانے کے بعد مستحصلہ نہ لیں بلکہ پہلے سطر نظیرہ کو دوبارہ تکسیر کر لیں۔ پھر اس تکسیری شدہ دوسری سطر سے جواب حاصل کریں۔

حصول جواب کا طریقہ یہ ہے کہ تکسیر شدہ آخری سطر نظیرہ کے جس حرف سے حرف جواب حاصل کرنا ہو اس حرف نظیرہ کو پہلے ذیل میں درج شدہ جدول مستحصا میں تلاش کریں۔

آپ کا حرف جدول مستحصلہ کے کس نمبر کے نیچے درج ہے۔ جب آپ کو اپنے حرف کا نمبر معلوم ہو جائے تو پھر آپ اس نمبر کو جدول جواب میں تلاش کریں جہاں آپ کا نمبر مل جائے گا اس نمبر کے اوپر کا حرف یا پہلو کا جو حرف جواب کے لئے مناسب ہو لے لیں۔ اس طرح آپ اس چکر سے بچ جائیں گے اور حرف جواب لیتے وقت آپ کو یہ بھی اندازہ رہے گا کہ کون سا حرف لینا چاہئے اور کون سا ترک کرنا چاہئے کیونکہ ترتیب حروف سے ساخت الفاظ اور ربط باہمی خود بتلا دے گا کہ آئندہ کس حرف کی ضرورت ہے۔

جدول مستحصلہ

۱ ک	۲ د	۳ ح	۴ ھ	۵ ش	۶ ل	۷ ف	۸ ز	۹ ط
۱۰ ی	۱۱ ق	۱۲ ج	۱۳ م	۱۴ ن	۱۵ غ	۱۶ ا	۱۷ ظ	۱۸ ث
۱۹ س	۲۰ ر	۱۲ ض	۲۲ ذ	۲۳ و	۲۴ خ	۲۵ ع	۲۶ ب	۲۷ ت
۲۸ ص								

جدول جواب

۱ م	۲ د	۳ ی	۴ ج	۵ ق	۶ ن	۷ س	۸ ط	۹ ز
۱۰ ح	۱۱ ش	۱۲ ھ	۱۳ ک	۱۴ ل	۱۵ ب	۱۶ ظ	۱۷ ا	۱۸ ذ
۱۹ ف	۲۰ ت	۱۲ خ	۲۲ ث	۲۳ د	۲۴ ض	۲۵ ص	۲۶ غ	۲۷ ر
۲۸ ع								

مثال سابقہ کا حل بطریق ہذا اس طرح ہو گا' ملاحظہ ہو۔

مستحصلہ

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
اساس	غ	ی	ن	خ	ا	س	ی	ن	ا	ل	ف	ب	ا	ق	ھ	ا	ا	و	و	ق
نظیرہ	ن	خ	غ	ی	س	ا	خ	غ	س	ض	ج	ز	س	ج	ق	س	۰	۰	۰	۰
مستحصلہ	ش	غ	ل	ک	ک	ق	غ	ظ	ر	ج	ح	م	ص	ن	د	ک	ظ	ن	ن	د
نظیرہ	ز	ن	ض	ف	ز	ج	ن	م	و	ق	ت	ظ	د	غ	ص	ز	م	غ	غ	ص
عزیزہ	ھ	ع	غ	ظ	ط	ا	ع	س	ح	ق	خ	ز	ب	ص	ر	ظ	س	ض	ض	ر
تکسیر	ر	ھ	ض	ع	ض	غ	س	ظ	ظ	ظ	ر	ا	ض	ع	ب	س	ز	ح	خ	ق
تکسیر	ق	ر	خ	ھ	ح	ض	ز	ع	س	ض	ب	غ	ع	س	ض	ظ	ا	ظ	ر	ظ
نظیرہ	ھ	و	ی	ق	ت	ل	ک	ب	ا	ل	ع	ن	ب	ا	ل	م	س	م	و	م

ھو یقتلک بالغب المسموم

حل:-

۱۔ تکسیر ہذا میں پہلا حرف "ض" ہے یہ جدول مستحصلہ میں نمبر۲۱ پر درج ہے۔ جدول جواب میں نمبر۲۱ کے اوپر ھ ہے، یہ لیا۔

۲۔ بخانہ دوم "ق" ہے یہ جدول مستحصلہ کے نمبر۱۱ پر درج ہے۔ جدول جواب میں ۱۱ نمبر کے اوپر واؤ ہے۔ واؤ لیا۔

۳۔ بخانہ سوم "ج" ہے۔ جیم جدول مستحصلہ میں ۱۲ نمبر پر درج ہے۔ جدول جواب میں ۱۲ نمبر کے اوپر "ی" ہے ی لیا

۴۔ بخانہ چہارم "ن" ہے۔ یہ جدول مستحصلہ میں نمبر۱۴ پر درج ہے۔ جدول جواب میں نمبر۱۴ کے اوپر "ق" ہے لہٰذا ق لیا۔ اسی طرح خانہ ہائے ۶، ۷، ۸، ۱۰، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۱۹ کے حروف اخذ کئے جائیں گے۔

۵۔ بخانہ پنجم سین ہے۔ سین کا نمبر جدول مستحصلہ میں ۱۹ ہے۔ جدول جواب میں نمبر۱۹ کے پہلو میں سے ت لیا۔ اسی طرح خانہ چہارم دہم کے حرف کو اخذ کیا گیا۔

۶۔ بخانہ نہم غ ہے غ جدول مستحصلہ میں نمبر۱۵ پر درج ہے۔ جدول جواب میں نمبر۱۵ کے پہلو کا ایک حرف چھوڑ کر دوسرا حرف الف لیا۔ اسی طرح خانہ یازدہم کا حرف لیا۔

۷۔ خانہ یازدہم سین ہے۔ سین کا نمبر جدول مستحصلہ میں ۱۹ ہے۔ جدول جواب میں نمبر۱۹ کے نیچے کا حرف لیا۔

۸۔ خانہ ہژدہم دبستم میں سین ہے۔ جدول مستحصلہ میں سین کا نمبر۱۹ ہے۔ جدول جواب نمبر۱۹ کے اوپر کا ایک حرف چھوڑ کر دوسرا حرف لیا۔

مستحصلہ عزیزیہ

اس مستحصلہ کا نام مستحصلہ عزیزیہ اس وجہ سے رکھا گیا ہے کہ اس میں عزائز الحروف ہے۔ استخراج جواب میں کام لیا گیا ہے۔ یہاں یہ بات واضح کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مستحصلہ ہذا میں جو عزیزہ لیا گیا ہے وہ مستحصلہ کدحہ میں درج شدہ جدول عزائز سے مختلف ہے۔ کیونکہ وہ فلاسفہ کے مذہب پر مرتب کی گئی ہے اور جدول ہذا علمائے جمہور کے مسلک پر قائم کی جار ہی ہے چنانچہ مستحصلہ ہذا میں جن عزائز سے کام لیا جائے گا وہ جدول ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

جدول عزائز

☒	ا	ج	ھ	ز	ط	ک	م	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
☒	ب	د	و	ح	ی	ل	ن	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ

اوپر والے حرف کا عزیزہ نیچے والا حرف ہے اور نیچے والے حرف کا عزیزہ اوپر کا حرف ہے۔ مثلاً ”الف کا عزیزہ ب‘ اور ب کا عزیزہ الف ہوا۔

------- ○ اب آپ طریقہ استخراج ملاحظہ فرمائیں ○ -------

۱۔ اپنے سوال کے تمام حروف علیحدہ علیحدہ لکھ لیں اور ہر حرف سوال کے ساتھ اس کا شمار بھی درج کرتے جائیں۔ اسی طرح آپ دو سطریں بنا لیں پہلی سطر شمار حروف کی دوسری سطر حروف سوال کی۔

۲۔ پھر تمام حروف سوال کو ایک بار تکسیر کریں اور حروف کے ساتھ تکسیر میں شمار حروف بھی

کے عدد ہیں سے ۳ عدد قانون کے کم کئے بغیر شمار حرف ہی سے مستحصلہ لیا جائے گا یا شمار خانہ جمع کر کے دائرہ ایقغ سے مستحصلہ لیں یہی قاعدہ وہاں بھی استعمال کیا جائے گا جہاں قانون کے تین عدد کم کرنے کے بعد باقی ایک بچے۔ اگر حرف ترفع (جس کے اعداد سے آپ مستحصلہ نکال رہے ہیں) خود مستحصلہ میں لیا جا سکتا ہے تو عمل آئندہ (جو آپ حصول مستحصلہ کے لئے کرنے والے ہیں) ترک کر دیا جائے گا اور حرف ترفع ہی لے لیا جائے گا۔ اگر کہیں ایسا مقام آ جائے کہ جملہ قواعد مذکورہ کے باوجود حرف مطلوبہ پیدا نہ ہوتا ہو تو پھر موجودہ حرف ترفع کاٹ کر اس کے مقام پر اس کا نظیرہ لے کر قواعد مذکورہ سے حرف پیدا کریں۔ انشاء اللہ جواب ضرور گویا ہو گا۔ بالفرض اس طرح بھی مطلب حاصل نہ ہو تو اصل حرف سوال پر عمل کریں۔

گو عزیزہ کا بیان مفصل کیا جا چکا ہے۔ لیکن آپ کی سہولت کے لئے دائرہ ایقغ مع عزیزہ بیان کیا جاتا ہے۔

دائرہ ایقغ نمبر ۱

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
حروف دائرہ	ا ی ق غ	ب ک ر	ج ل ش	د م ت	ھ ن ث	و س خ	ز ع ذ	ح ف ض	ط ص ظ
عزیزہ	ب ط ر ظ	ا ل ق	د ک ت	ج ن ش	و م خ	ھ ع ث	ح س ض	ز ص ذ	ی ف غ

اب قاعدہ مذکورہ مثال دے کر واضح کرتا ہوں' ملاحظہ ہو' سوال قائم کیا:۔

سوال

”محمد فاضل کا مرض ضیق النفس دفع ہو گا؟“

یہاں حل پیش کیا جاتا ہے

شمار حروف	سوال	تکسیر عددی	تکسیر حرفی	نظیرہ	ترفع	عدد حروف	عدد قانونی	بقیہ	شمار حروف	حاصل جمع	عدد مستحصلہ	مستحصلہ	کیفیت
۱	م	۲۸	ا	س	ع	۷	۳	۴	۲۸	۳۲	۵	م	۳۲ کی اکائی دہائی جمع کی ۵ ہوئے
۲	ح	۱	م	ظ	غ	۱۰	۳	۷	۱	۸	۸	ح	
۳	م	۲۷	ک	و	ض	۸	۳	۵	۲۷	۳۲	۵	م	
۴	د	۶	ح	ت	ث	۵	۳	۲	۲	۴	۴	د	
۵	ف	۲۶	و	ر	ش	۳			۲۶	۲۹	۹	ف	
۶	ا	۳	م	ظ	غ	۱۰	۳	۷	۳	۱۰	۱	ا	
۷	ض	۲۵	ھ	ق	ر	۲			۲۵	۲۷	۷	ض	
۸	ل	۴	د	ص	ق	۱۰	۳	۷	۴	۱۱	۲	ل	
۹	ک	۲۴	ع	ب	ج	۳					۳	ل	
۱۰	ا	۵	ف	ج	د	۴	۳	۱			۱	ا	
۱۱	م	۲۳	ف	ج	د	۴	۳	۱			۱	ر	
۱۲	ر	۶	ا	س	ع	۷	۳	۴	۶	۱۰	۱۰	ی	
۱۳	ض	۲۲	د	ص	ق	۱۰	۳	۷	۲۲	۲۹	۲	ب	۲۹ کو جمع کیا ۱۱ ہوئے ۱۱ سے ۲ بنا
۱۴	ض	۷	ض	ل	م	۴	۳	۱			۱	ا	
۱۵	ی	۲۱	س	ا	ع	۷	۳	۴	۲۱	۲۵	۷	س	ترفع کا نظیرہ لیا گیا
۱۶	ق	۸	ی	ض	ظ	۹	۳	۶	۸	۱۴	۴	م	
۱۷	ا	۲۰	ف	ج	د	۴	۳	۱			۱	ر	
۱۸	ل	۹	ک	ذ	ض							ض	
۱۹	ن	۱۹	ن	غ	غ	۱۰	۳	۷	۱۹	۲۶	۶	س	
۲۰	ف	۱۰	ا	س	ع	۷	۳				۱۰	ی	خلاف قیاس
۲۱	س	۱۸	ل	ض	ظ	۹	۳	۶	۱۸	۲۴	۶	ھ	
۲۲	د	۱۱	م	ظ	ن	۵	۳	۲	۱۱	۱۳	۳	ل	
۲۳	ف	۱۷	ا	س	ع	۷	۳	۴	۱۷	۲۱	۱	ا	
۲۴	ع	۱۲	ر	د	ش	۳					۳	ک	
۲۵	ھ	۱۶	ق	ھ	و	۶					۶	ھ	
۲۶	و	۱۳	ض	ل	م	۴	۳	۱	۱۳	۱۴	۵	و	
۲۷	ک	۱۵	ی	غ	ک						—	ک	
۲۸	ا	۱۴	ض	ل	م	۴	۳	۱			۱	ا	

جواب :۔

”محمد فاضل لاریب اس مرض سے ہلاک ہو گا“

مستحصلہ بدوح یلین

جس طرح ایک مرض کے صدہا نسخے ہوتے ہیں اور ہر نسخہ کسی نہ کسی خصوصیت خاص کا حامل ہوتا ہے اسی طرح مستحصلات بھی بے شمار ہیں اور ہر مستحصلہ کسی نہ کسی خصوصیت خاص کا حامل ہوتا ہے لیکن مستحصلہ ”بدوح یلین“ ایک ایسا اکسیر صفت نسخہ ہے کہ جو اس سے ذرا چھو گیا کندن بن گیا۔ جس کی رسائی اس منبع فیض تک ہو گئی وہ بقدر ظرف فیض یاب ہوئے بغیر نہ لوٹا۔ اسی کے متعلق یہ قطعہ مشہور ہے۔

قطعہ

سوال از جفر جامع گر نمائی بکن مستحصلہ بہر خود آساں
نیابی تاندانی ایں معما، اگر یابی بدانی سریزداں
چناں قسمت کہ می دانی مخارج اگر دانی زاول قسمت آں
بقسمت چار کن ہر حرف خودرا بجائے خود بگذار بہر درماں
ترفع یا ترقی در اساس است مساوات و تنزل ناظر آں
تو بدوح یلین رادہ ترفع غفضح ترصع ترقی دہ تو چنداں
تنزل ظاوذال و ثاد شقفس مساوت ”اجھز طکم“ داخل داں
اگر یابی مکن ظاہر بر ہر کس چو اسم اعظم اوراکن تو پنہاں
مکن ہرگز سوال از شیخ ناداں ازیں سر کہ ایزد کہ پنہاں

چو دانستی سوال از ہر چہ خواہی
بکن بشنو جواب بخود آساں

قطعہ ہذا کلیدی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ اس میں ان قواعد کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جس پر مستعملہ ہذا کی بنیاد ہے۔ لیکن بغور دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دو شعروں کے بعد ایک شعر اس کا اور ہونا چاہئے تھا۔ جس میں بسط عزیزی کا ذکر ہوتا کیونکہ مضمون آئندہ بالکلیہ اسی پر منحصر و موقوف ہے۔ وہ شعر یا تو اخفائے راز کی وجہ سے وضع ہی نہیں کیا گیا یا مجھ تک نہیں پہنچا۔ ملاحظہ ہو، بسط عزیزی یہ ہے۔

بسط عزیزی

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۴	۱۳	۱۴
اصل	ب	د	و	ح	ی	ل	ن	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
نظیرہ	ا	ج	ھ	ز	ط	ک	م	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ

اس بسط عزیزی کو چار حصوں میں اس طرح تقسیم کیا گیا کہ سطر اساس کے سات سات حروف سے دو قسم (ترفع و ترقی) حاصل کیں اور سطر نظیرہ کے سات سات حروف سے دوسری دو قسمیں یعنی مساوات و تنزل پیدا کیں۔ چنانچہ سطر اساس کے اول سات حرف جن کا مجموعہ ”بدوح یلن“ ہے۔ حروف ترفع کہلاتے ہیں اور آخری سات حرف جن کا مجموعہ ”غضخ ترصع“ ہے حروف ترقی کہلاتے ہیں۔ سطر نظیرہ کے اول سات حرف جن کا مجموعہ ”اجھزطکم“ ہے حروف مساوات کہلاتے ہیں اور آخری سات حرف جن کا مجموعہ ”ظذثشقفس“ ہے حروف تنزل کہلاتے ہیں۔ اس طرح جو اقسام اربعہ حاصل ہوئیں ان کی تشریح جدول ہذا سے ملاحظہ فرمائیں۔

جدول ترقی و تنزل

حروف مساوات	ا	ج	ھ	ز	ط	ک	م
حروف ترفع	ب	د	و	ح	ی	ل	ن
حروف تنزل	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
حروف ترقی	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ

تقسیم بالا کا اہم ترین مقام استخراج اعداد ہے مسلہ اعداد پر کسی نے بحث نہیں کی اگر کہیں بالا بمال حصول اعداد کا ذکر بھی کیا گیا ہے تو مساوات و ترقی کے اعداد کا طریق استخراج جداگانہ ہے تو ان دونوں کا بھی علیحدہ علیحدہ طریقہ استخراج ہونا چاہئے تھا ورنہ جدا جدا تقسیم سے کیا فائدہ۔ ہر دو اقسام کو ایک ہی قسم کے تحت منسلک ہونا چاہئے تھا۔

قبل ازیں کہ اخذ اعداد کا طریقہ بیان کیا جائے آپ یہ بتا دینا ضروری ہے کہ اقسام اربعہ میں مجرد اعداد لئے جاتے ہیں۔ صفریں نہیں لی جاتیں۔ اگر کسی حرف کے عدد اصلی میں صفر یا صفریں ہوں تو گرا دی جاتی ہیں۔ مثلاً" ی کے عدد دس ہیں اور ق کے ۱۰۰ ہیں اور غین کے ۱۰۰۰ ہیں۔ مگر اقسام ہذا میں ایک ہی عدد شمار کیا جائے گا۔

نیز ایسے اعداد جن میں دہائیاں وغیرہ ہوں تو ان کو حذف کر دیا جائے گا اور اعداد احاد لئے جائیں گے۔ مثلاً" ۱۹ میں ۹ لیا جائے گا یا ۸۱ میں ایک لیا جائے گا۔

مضمون بالا سمجھ لینے کے بعد اب آپ اقسام اربعہ کے استخراج اعداد کی طرف متوجہ ہوں۔ اگر آپ ان چاروں قسموں کے ناموں کو بغور ملاحظہ فرمائیں تو ان کے نام ہی تعین اعداد کی رہنمائی کے لئے کافی ہوں گے۔ ان کی موجودگی میں کسی دوسری دلیل کی حاجت ہی باقی نہیں رہتی۔ چنانچہ قسم اول مساوات ہے۔ مساوات کے معنی برابر و یکساں کے ہیں اس لئے اس کے اعداد عدد اصلی (ابجد ثمہ) کے مساوی ہوں گے۔ کسی قسم کی ترمیم و تنسیخ نہیں کی جائے گی۔

یعنی ہر حرف کے عدد حسب تشریح ہذا ہوں گے:۔ (ا، ج، ھ، ز، ط، ک، م)   (۱، ۳، ۵، ۷، ۹، ۲، ۴)

لیکن عام طور پر لوگ اس کا یہ مطلب سمجھ بیٹھے ہیں کہ عدد اصلی کے مساوی دوسرے اعداد ملانا چاہئیں یعنی ان کو دگنا کر لینا چاہئے۔ اگر ایسا ہے تو پھر ترقی کس کو کہیں گے؟ البتہ اگر عمل میں تاحد مساوی ہی اعداد لئے جائیں اور اعداد زائدہ سے احتراز کیا جائے تو وہ ایک علیحدہ صورت ہے۔

قسم دوم ترفع کے اعداد بذریعہ رفعت اس طرح حاصل کریں کہ جس حرف کے عدد لینا ہوں اس کے ہم پہلو یا حرف آئندہ کے اعداد لے لیں کیونکہ یہ عدد عدد اصلی سے رفیع یعنی زیادہ ہیں۔ جیسے ہمیں ب کے اعداد لینا ہیں حروف ترفع میں ب کے د ہے جس کے عدد ۴ ہیں جو ب کو عدد ۲ سے زیادہ یا رفیع ہیں۔ لہٰذا ب کے عدد قسم ہذا میں ۴ ہوں گے اس طرح جملہ حروف ترفع کے حاصل شدہ اعداد یہ ہوں گے۔ (ب، د، ح، ی، ل، ن)   (۴، ۶، ۱۰، ۳، ۵)

قسم سوم تنزل:۔   اس کے عدد عدد اصلی کا نصف ہوں گے مثلاً "اس کے ۶ ہیں۔ اس کے نصف ۳ ہوئے چنانچہ سین کے ۳ عدد ہوں گے۔ اسی طرح ف کے ۸ عدد ہیں۔ اس کے نصف ۴ ہوئے یہی ف کے عدد ہیں لیکن آگے چل کر آپ کو ایک مشکل پیش آئے گی۔ یعنی ایسے حروف آئیں گے جن کے اعداد نصف نہیں ہو سکتے۔ مثلاً "ق کا ایک عدد ہے ش کے ۳ ہیں۔ علیٰ ہذا اس قسم کے اعداد جو ناقابل تنصیف ہوں ان کے اعداد کو نصف کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ ۳ عدد قانونی جو آئندہ عمل میں ہر حرف کے عدد کے ساتھ ملائے جاتے ہیں ان کو اسی وقت ملا کر نصف کر لیتے ہیں اور پھر آئندہ ان حروف کے اعداد میں ۳ عدد قانونی کا اضافہ نہیں کیا جاتا۔ صرف ان ہی حروف کے اعداد پر اضافہ کیا جاتا ہے۔ جن پر پہلے اضافہ کیا گیا ہو چنانچہ ق کے ایک عدد پر ۳ عدد قانونی کا اضافہ کیا تو ۴ ہوئے اس کو نصف کیا تو ۲ ہوئے اس طرح ق کے ۲ عدد ہوئے۔ جملہ اعداد و حروف تنزل کی تشریف درج ذیل ہے۔

س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
۳	۴	۲	۳	۴	۵	۶

قسم چہارم:- حروف ترقی کے اعداد حاصل کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ ہر حرف کے عدد اصلی کو دگنا کر دیں۔ مثلاً ”ع کے ۷ ہیں دگنے ۱۴ ہوئے۔ دہائی کو حذف کیا ۴ رہے۔ یہی عدد عین کے ہیں۔ تشریح ملاحظہ ہو۔

ع ص ر ت خ ض غ

۴ ۸ ۴ ۸ ۲ ۶ ۲

گو ہر قسم کے اعداد کی تشریح کامل طور پر کر دی گئی ہے لیکن پھر بھی آپ کی سہولت کے لئے جدول اعداد حاضر خدمت ہے۔

جدول اعداد بدوح یلین

حروف مساوات	ا	ج	ه	ز	ط	ک	م
اعداد	۱	۳	۵	۷	۹	۲	۴
حروف ترفع	ب	د	و	ح	ی	ل	ن
اعداد	۴	۶	۸	۱۰	۳	۵	۷
حروف تنزل	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
اعداد	۳	۴	۲	۳	۴	۵	۶
حروف ترقی	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
اعداد	۴	۸	۴	۸	۲	۶	۲

مداخل یا بسائط

یہ اصطلاح اکثر مستحصلات میں آتی ہے۔ چونکہ مستحصلہ ہذا میں بھی اس کو استعمال کیا گیا ہے۔ اس وجہ سے اس کو بھی سمجھ لیں۔

مداخل کسی لفظ یا جملہ کے اعداد کی وضع خاص کو کہتے ہیں۔ چونکہ علم جفر میں سلسلہ

اعداد ہزار پر منتہی ہوتا ہے۔ اور اکائی سے ہزار تک چار مراتب ہوتے ہیں اس لئے مداخل بھی چار ہوتے ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱۔ مدخل کبیر

۲۔ مدخل وسیط

۳۔ مدخل صغیر

۴۔ مدخل اصغر

کسی لفظ یا جملے کے وہ اعداد جو ابجد سے حاصل ہوں ان کو مدخل کبیر یا بسط کبیر یا جمل کبیر کہتے ہیں۔ مثلاً" عبدالرحیم کے اعداد ابجدی ۳۶۵ ہیں اور عبدالرحیم رند کے عدد ۶۱۹ ہیں۔ یہ اعداد مدخل کبیر کہلائیں گے۔

پھر ملاحظہ فرمائیں کہ مدخل کبیر میں کس قدر مراتب ہیں۔ اگر مدخل کبیر کے مراتب ہزار تک ہیں تو ان کو سینکڑے تک کرلیں اور اگر سینکڑے تک ہوں تو دہائی تک کرلیں۔ غرض کہ مدخل کبیر میں جس قدر مراتب ہوں ان سے ایک مرتبہ کم کرنے کو مدخل وسیط کہتے ہیں۔ اس مرتبہ کو کم کرنے کا یہ طریقہ ہے۔ اکائی اور دہائی کے اعداد کو جمع کرلیں اور سینکڑے کو اپنی حالت پر رہنے دیں۔ بشرطیکہ اکائی اور دہائی کے حاصل جمع سے صرف اکائی ہی پیدا ہوتی ہے۔ جیسے اعداد کبیر ۱۳۱۲ ہیں۔ اکائی کے ۲۔ اور دہائی کے ایک کو جمع کیا تو ۳ ہوئے چنانچہ ۱۳۱۲ کا وسیط ۱۳۳ ہوا۔

اور اگر اکائی کو جمع کرنے سے حاصل جمع میں دہائی بھی آئے تو دہائی کو سینکڑے میں جمع کردیں یہ عدد وسیط ہوگا۔ جیسے ۶۵۸ کا وسیط ۷۳ ہوا یا ۱۶۷۴ کا وسیط ۱۷۱ ہوا۔ اور اگر ایسا اتفاق ہو کہ سینکڑے میں جمع کرنے سے بھی دہائی پیدا ہو تو اکائی دہائی اور سینکڑے کو ملا کر جمع کریں مثلاً" ۱۹۹۶ کا وسیط (۶+۹+۹=۲۴) ۱۲۴ ہوا۔ غرض کہ جس طرح ہو ایک مرتبہ کم کرلیں۔

مدخل صغیر یا بسط نکالنے کا یہ طریقہ ہے کہ بسط وسیط کی اکائی اور دہائی ملا کر حسب طریق مذکور بالا ایک مرتبہ کم کرلیں یہ صغیر ہوگا۔ مثلاً" ۱۳۳ کا صغیر ۱۶ ہوا یا ۷۳ کا ۱۰ یا ۱۷۱ کا ۱۸ یا ۱۲۴ کا ۱۶ ہوا۔

بسط اصغر۔ بسط صغیر سے اکائی دہائی جمع کر کے بنایا جاتا ہے۔ جیسے ۱۶ کا ۷ یا ۱۰ کا ایک یا ۱۸ ۹۵ وغیرہ۔ بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ کسی عدد سے اصغر پیدا نہیں ہوتا۔ جیسے مدخل کبیر ۲۱۲ ہوں تو اصغر پیدا نہ ہوگا۔ لیکن بعض شائقین اس کا بھی اصغر پیدا کر لیتے ہیں۔ اس طرح کہ اس کے حصے کر لیتے ہیں۔ مثلاً ”۳ سے ایک اور دو بنا لیتے ہیں یا ۴ سے ایک اور تین۔ یا ۵ سے دو اور تین وغیرہ۔

طریق استخراج

مذکورہ بالا امور سمجھ لینے کے بعد اب طریق استخراج جواب کی طرف متوجہ ہوں۔ آپ جس سوال کا جواب نکالنا چاہئیں پہلے اس کے اعداد ابجد سے نکالیں اور ان اعداد میں اپنے سوال کے حروف اور حروف کے نقطوں کو شمار کر کے اعداد میں شامل کر دیں اس سے جو عدد حاصل ہوں اس کو مدخل کبیر تصور فرمائیں۔ مثلاً ” اس سوال ”کعبہ کس شہر میں ہے؟“ کے اعداد ۷۹۷ ہیں۔ اس سوال کے کل حروف ۱۴ ہیں اور نقطے ۹ ہیں ان کو عدد سوال میں جمع کیا تو کل عدد ۸۲۰ ہوئے۔ ان اعداد کے حرف بنائے تو ک ض ہوئے۔

یہاں ایک چیز کی صراحت کر دینا ضروری سمجھتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ عام طور سے صرف اعداد سوال لئے جاتے ہیں۔ شمار حروف و نقاط نہیں لیا جاتا۔ لیکن اس صورت میں خوف التباس باقی رہتا ہے ہو سکتا ہے کہ جو اعداد ہمارے سوال کے ہیں وہ ہی عدد کسی دوسرے سوال کے بھی پیدا ہوتے ہوں۔ ایسی صورت میں جواب غیر متقین ہو جاتا ہے۔ بلکہ بعض اوقات اس کی حیثیت سوال ”از آسماں جواب از ریسماں“ کی سی ہو جاتی ہ۔ لیکن جب اعداد سوال پر شمار حروف و نقاط کا اضافہ کر دیا جاتا ہے تو یہ احتمال باقی نہیں رہتا کیونکہ اگر یہی اعداد کسی دوسرے سوال کے بھی ہوں گے تو دیگر خصوصیات یعنی شمار حروف و نقاط قطعاً ” مساوی نہ ہوں گی کچھ نہ کچھ فرق ضرور ہوگا اور یہی فرق ہر دو میں حد فاصل کا کام دے گا۔

غرض کہ اس طرح اعداد سے حروف پیدا کرنے کے بعد اب اگر آپ جواب بالاختصار چاہتے ہیں تو اس طرح پیدا شدہ حروف کو ملفوظی کر کے تمام حروف علیحدہ علیحدہ لکھ لیں۔ مثلاً" مثال مذکور کے حروف ک ض کو ملفوظی کیا تو کاف ضاد ہوا۔ اب علیحدہ علیحدہ اس طرح لکھا ک ا ف ض ا د۔ اس طرح علیحدہ لکھنے کے بعد ان حروف کو شمار کریں جس قدر شمار آئے اس کے حرف بنا لیں۔ مثال بالا میں کل چھ حرف ہیں۔ لہٰذا چھ عدد کا و لکھا۔ پھر نقاط کو شمار کر کے اس کا بھی حرف بنا لو۔ مثال مذکور میں دو نقطے ہیں حرف ب پیدا ہوا ان سب کو بالترتیب ایک سطر میں لکھ لو یہ سطر اساس کہلائے گی۔ اس طرح ک ا ف ض ا د و ب۔

اگر آپ جواب بالتفصیل چاہتے ہیں یا مذکورہ بالا طریق پر قائم کردہ اساس جواب نہ دے تو پھر سطر اساس اس طرح قائم کریں کہ اعداد سوال و شمار حروف و نقاط جمع کر کے حروف بنائیں اور پھر ان اعداد کا وسط صغیر لیں اور سب کے حروف بنا کر ملفوظی کریں اور پہلے کی طرح الگ الگ لکھ کر شمار حروف و نقاط کے حروف بنا کر ایک سطر اساس بنا لیں۔

مثلاً" اعداد سوال مع شمار حروف و نقاط ۸۲۰ ہوئے۔ حروف ک ض بنے۔ وسیط ۱۰ ہوا حرف ی پیدا ہوا۔ صغیر ایک ہوا حرف الف بنا۔ ان کو ملفوظی کیا کاف ضاد یا الف علیحدہ علیحدہ لکھا۔ ک ا ف ض ا د ی ا ا ل ف۔ کل حرف ۱۱ ہیں جس کے حروف ا ی ہوئے نقطے ۵ ہیں حرف ہ ہوا۔ چنانچہ سطر اساس اس طرح قائم ہوئی۔

ک ا ف ض ا د ی ا ا ل ف ا ی ہ

اس مقام پر ایک بات اور سمجھ لیں اور وہ یہ ہے کہ اگر کبھی اس طرح سطر اساس قائم کرنے سے بھی جواب گویا نہ ہو تو مقلوب المراتب حروف سے سطر اساس قائم کریں یعنی پہلے ہزار پھر سینکڑہ پھر دہائی اور پھر اکائی سے پیدا شدہ حروف لیں۔ اس طرح سطر اساس یہ ہو گی ضاد کاف یا الف = اساس۔ ض ا د ک ا ف ی ا ا ل ف ی ا ہ

غرض کہ جب سطر اساس قائم کر لیں تو پھر دوسری سطر اسی طرح کے نظیرہ سے پیدا کر لیں

جس کا قاعدہ یہ ہے کہ جدول ہذا میں حروف اساس کو تلاش کریں۔ ان کے مقابل جو حروف ہوں وہ لکھ لیں۔

جدول نظائر

ا	ب	ج	د	ھ	و	ح	ز	ط	ی	ک	ل	م	ن
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

چنانچہ مثال مذکور کا نظیرہ حسب ذیل پیدا ہوا۔

سطر اساس:۔ ک ا ف ض ا د و ب

سطر نظیرہ:۔ ذ س ج ل س ص ر ع

تیسری سطر، سطر نظیرہ کو تکسیر کر کے پیدا کریں یعنی ایک حرف آخر سطر سے اور دوسرا اول سطر سے لیں اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک سطر نظیرہ کے تمام حرف ختم نہ ہو جائیں جیسا کہ مثال ہذا سے واضح ہے۔

سطر اساس:۔ ک ا ف ض ا د و ب

سطر نظیرہ:۔ ذ س ج ل س ص ر ع

سطر تکسیر:۔ ع ذ ر س ص ج س ل

یہاں تک تین سطریں مکمل ہو گئیں۔ تین عدد قانونی ان ہی تین سطروں کے شمار کے بڑھائے جاتے ہیں اور اسی تیسری سطر سے مستحصلہ کا استخراج کیا جاتا ہے۔ جس کا طریقہ حسب ذیل ہے۔

۱۔ اعداد حروف:۔ ہر حرف کے نیچے اس کے عدد جو بدوح یلن کی جدول اعداد میں درج ہیں لکھ لیں۔

۲۔ اعداد قانونی:۔ اس کے بعد (ق، ش، ث، ذ، ظ کے علاوہ) ہر حرف کے نیچے قانون کے تین عدد لکھ لیں۔

۳۔ عشرات:۔ اعداد عشرات کے بارے میں علمائے فن کا اختلاف ہے۔ بعض کا قول ہے

کہ عشرات (یعنی دس دس خانے) اگر پورے ہوں جیسے کل تعداد حروف تکسیر ۱۰ یا ۲۰ یا ۳۰ وغیرہ ہے تو عشرات اس طرح پر کریں کہ اول دس خانوں میں ہر خانے کے نیچے ایک ایک لکھ دیں اور گیارہ سے بیس خانے تک ہر خانے کے نیچے دو دو لکھ دیں اب اگر تیسرا عشرہ بھی ہے تو اکیس سے تیس خانے تک تین تین لکھتے چلے جائیں۔ علیٰ ہذا، لیکن اگر عشرات ناقص ہوں جیسے کل حروف ۲۶ یا ۱۵ ہوں تو اس کے پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اگر حروف کی کل تعداد مثلاً ۱۵ یا ۲۵ ہے تو پہلے خانے میں ۵ دوسرے میں ۴۔ اسی طرح ایک ایک کم کرتے جائیں جب ایک پر پہنچ جائیں تو دس تک جو خانے باقی بچیں ان میں صفر لگا دیں۔ فرض کیجئے آپ کی سطر تکسیر کے حروف کی کل تعداد ۱۷ ہے۔ تو عشرہ اول اس طرح پر کیا جائے گا۔

د۔ ۱۔ ۲۔ ۳۔ ۴۔ ۵۔ ۶۔ ۷۔ ۸۔ ۹۔ ۱۰

۱ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱ ۰ ۰ ۰

بعض جفار بقیہ خانوں میں صفر کے بجائے ایک ایک لکھ کر دس خانے مکمل کرتے ہیں۔ پھر دیگر عشرات کو جب قاعدہ سابق پر کرتے ہیں یعنی عشر دوم کے ہر خانے میں دو دو اور عشر سوم کے ہر خانے میں تین تین لکھتے ہیں علیٰ ہذا الخ۔

طریق دوم :- عشرات کے پر کرنے کا ایک طریقہ تو یہ تھا جس کا بیان گزر چکا ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آخری خانے سے ایک دو تین وغیرہ اعداد لکھتے چلے آئیں۔ اور جب دسویں خانے میں پہنچیں تو صفر لکھیں اور پھر ایک دو تین شروع سے لکھیں۔ یہی عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک کہ کل خانے ختم نہ ہو جائیں۔ مثلاً ۱۳ حروف تکسیر ہیں تو عشرات اس طرح پر کئے جائیں گے۔

خانے :- ۱۔ ۲۱۔ ۳۔ ۴۔ ۵۔ ۶۔ ۷۔ ۸۔ ۹۔ ۱۰۔ ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۳

عشرات :- ۳ ۲ ۰ ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱

میرے نزدیک یہ طریقہ پہلے طریقے سے زیادہ مستحسن ہے گو جواب پہلا طریقہ بھی دیتا ہے۔ لیکن نقائص سے خالی نہیں۔ پہلا نقص یہ ہے کہ اس عمل سے عشرات ناقص الطرف سے ناقص الطرفین ہو جاتے ہیں ملاحظہ ہو۔

خانے:- ۱- ۲- ۳- ۴- ۵- ۶- ۷- ۸- ۹- ۱۰- ۱۱- ۱۲- ۱۳

عشرات:- ۳ ۲ ۱ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ ۲ ۲ ۲

مثال مذکورہ میں کوئی عشرہ مکمل نہیں۔ عشرہ اول تو عموماً" ناقص ہوا ہی کرتا ہے لیکن اس میں عشرِ دوم بھی مکمل نہیں رہتا۔ اس کے صرف تین خانے باقی رہ جاتے ہیں اسی طرح درمیانی حصہ بھی حشو یا بھرتی سے پر ہے وہ بھی مکمل نہیں۔

دوسری خامی جو اس طرح عشرات لینے سے پیدا ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ ایک ہی ایک عدد کا اعادہ دس خانے تک برابر ہوتا رہتا ہے جس کے یہ معنی ہیں کہ حروف کی مقامی حیثیت کم از کم ایک ربع (چار خانے) تک ختم ہو جاتی ہے۔ یعنی کسی حرف کے جو عدد ربع کے پہلے خانے میں ہوں گے وہی دوسرے تیسرے اور چوتھے خانے میں بھی ہوں گے۔ حالانکہ تبدیلی مقام کے ساتھ تبدیلی اعداد لازمی چیز ہے ورنہ تبدیلی بے سود ہے۔ مثلاً" س کے ۳ عدد ہیں۔ تین عدد قانون کے زیادہ کئے چھ ہوئے۔ اب اگر یہی تیرھویں خانے میں ہے تو عشرِ دوم کے دو عدد اور اس میں اور زیادہ کر دیئے جائیں گے کل ۸ ہوئے۔ اب اس میں ربع چہارم کے چار عدد زیادہ کئے تو کل بارہ ہوئے۔ یہی عدد چودھویں' پندرھویں اور سولھویں خانے میں بھی ہوں گے۔ کچھ تبدیلی نہ ہوگی۔ اگر کچھ تبدیلی پیدا ہوگی تو وہ صرف تکرار حرف وغیرہ کی وجہ سے ہو گی۔ نہ کہ مقامی حیثیت سے۔ گویا قاعدہ ہذا تکرار کے سہارے قائم ہے۔ اگر یہ سہارا نہیں تو کچھ نہیں اسی وجہ سے اس میں تکرار لازمی طور پر لی جاتی ہے۔ برخلاف عشرات کے دوسرے طریقے کے یہ طریق مستقبل بذاتہ ہے۔ ہر خانے میں ایک نیا عدد ہوتا ہے۔ اسی پر اکتفا نہیں بلکہ تبدیلی مزید کے لئے ہمہ وقت تیار رہتا ہے۔ جو ل تکرار حرف و جنس وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے خود محتاج سہارا نہیں لیکن سہارا ملے تو دریغ بھی نہیں۔

۴- **ربعات:-** ربعات ربع کی جمع ہے۔ چار خانوں کا ایک ربع ہوتا ہے جو بھی ربع ہوتا ہے اس کے چاروں خانوں میں وہی ہندسہ لکھ دیا جاتا ہے۔ مثلاً" پہلا ربع ہے تو ایک ایک اور اگر دوسرا ہے تو دو دو ملاحظہ ہو۔

خانے:- ۱- ۲- ۳- ۴- ۵- ۶- ۷- ۸- ۹- ۱۰- ۱۱- ۱۲- ۱۳- ۱۴

رلعات :- ۱ ۱ ۱ ۱
۲ ۲ ۲ ۳ ۳ ۳ ۴ ۴

اسی طرح یہ سلسلہ آخری خانے تک جاری رہتا ہے۔ البتہ اگر عشرات دوسرے طریق پر لئے گئے ہیں تو یہ سلسلہ رلعات چوتھے ربع پر ختم ہو کر از سر نو جاری رہتا ہے اور طریق اول پر چوتھے ربع پر ختم نہیں کرتا کیونکہ یہ سلسلہ بھی تبدیلی اعداد کا معاون ثابت ہوتا ہے۔ حروف ترقی و تنزل میں رلعات اور عشرات اکثر لئے جاتے ہیں اور حروف مساوات و ترفع میں صرف وقت ضرورت لئے جاتے ہیں ورنہ ترک کر دیئے جاتے ہیں۔

۵۔ عدد مستحصلہ :- عدد مستحصلہ یا عدد خانہ رلعات کی دوسری مشکل کا نام ہے۔ اس میں رلعات کے خانوں کو شمار کیا جاتا ہے یعنی ربع خواہ کوئی سا ہو پہلے خانے میں ایک، دوسرے میں دو، تیسرے میں تین، چوتھے میں چار لکھے جاتے ہیں۔ مثلاً"

خانے :- ۱۔ ۲۔ ۳۔ ۴۔ ۵۔ ۶۔ ۷۔ ۸۔ ۹۔ ۱۰۔ ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۳۔ ۱۴

عدد مستحصلہ :- ۱ ۲ ۳ ۴ ۱ ۲ ۳
۴ ۱ ۲ ۳ ۴ ۱ ۲

اربع ربع میں عموماً" عدد ربع کو ترک کر دیا جاتا ہے اور عدد ربع کے بجائے عدد مستحصلہ ہی لکھا جاتا ہے۔ پھر دوسرے ربع سے عدد رلعات سے عدد رلعات شروع کئے جاتے ہیں۔ نیز حروف ترفع و مساوات میں بھی رلعات کو ترک کر دیا جاتا ہے۔ اور رلعات کے بجائے عدد مستحصلہ یا عدد خانہ لئے جاتے ہیں۔

۶۔ تکرار :- اگر ایک حرف بار بار آئے تو اس کو تکرار حرفی کہتے ہیں اور اگر اقسام اربعہ یعنی مساوات، ترفق، تنزل، ترقی میں سے کسی ایک قسم کے حروف بار بار آئیں تو اس کو تکرار جنسی کہتے ہیں۔

تکرار خواہ حرفی ہو یا جنسی عشر کے طریق دوم میں صرف چار تک لی جاتی ہے۔ یعنی اگر اول بار کوئی حرف مکرر آئے تو اس کے نیچے ایک لکھ دیا جائے گا۔ دوسری بار مکرر آئے تو دو، تیسری بار مکرر آئے تو تین، چوتھی بار مکرر آئے تو چار لکھے جاتے ہیں۔ اس کے بعد بھی سلسلہ تکرار جاری رہے تو پھر چار، تین، دو، ایک پر ختم ہو کر پھر اسی طرح ایک سے سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ عشر کے طریق ہذا میں تکرار صرف وقت ضرورت لی جاتی ہے ورنہ ترک کر دی جاتی

ہے۔ کیونکہ یہ طریقہ خود مستقل بذاتہ ہے محتاج تکرار نہیں برخلاف عشر کے طریقہ اول کے کہ وہ چلتا ہی محض تکرار کے سہارے ہے۔ اس میں تکرار لازمی اور ضروری ہے لیکن اس طریقہ عشر میں جو لوگ تکرار چار تک لیتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ کیونکہ چار کی تکرار سے مراتب تسعہ (جن سے جواب حاصل ہوتا ہے) حاصل نہیں ہو سکتے۔ چار عدد تکرار حرفی سے اور چار عدد تکرار جنسی سے کل آٹھ عدد حاصل ہوتے ہیں۔ نو حاصل نہیں ہوتے۔ اس لئے ایک مرتبہ کی کمی ہر جگہ رہے گی۔ یہ بڑی خامی ہے جو حصول جواب میں سنگ راہ بن کر ہر جگہ آڑے آئے گی۔ یہ خامی صرف اسی وقت دور ہو سکتی ہے کہ شمار تکرار چار کے بجائے پانچ تک لیا جائے تاکہ ارکان تسعہ ہر مقام پر حاصل ہو سکیں۔

محذوفات

سلسلہ تکرار میں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ جب ایک ہی حرف پہلو بہ پہلو مکرر آ جائے تو اس کو عموماً ایک ہی شمار کیا جائے گا۔ نیز تکرار جنس میں اگر ایک ہی جنس (قسم) کے حروف اس طرح پہلو بہ پہلو ہوں کہ ان میں ترقی حرفی پائی جاتی ہو مثلاً س ف یا ف ق وغیرہ ہوں تو ان کو بھی ایک حرف ہی شمار کیا جائے گا۔ اسی طرح اگر ایک ہی خانے میں کوئی عدد مکرر آ جائے تو ضرورتاً ایک عدد کو حذف کرنا جائز ہے۔

اس عمل کے بعد ان حاصل شدہ اعداد کی میزان ہر حرف کے نیچے علیحدہ علیحدہ نکالیں۔ اور ہر ایک میزان سے دہائی گرا دیں۔ صرف اکائی باقی رہنے دیں۔ پھر اس عدد احاد (اکائی) کو جدول استقغ میں تلاش کریں۔ جدول ہذا میں جہاں آپ کا عدد ملے اس کے نیچے درج شدہ حروف میں سے ایک حرف مناسب جو دال الی المطلوب ہو لے لیں۔

جدول ایقغ یا مراتب تسعہ

مراتب	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
حروف مراتب	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط
	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ
	غ								

اگر جدوہ ایقغ کے حروف سے کوئی ایسا لفظ نہ بن سکے جو جواب کے لئے کار آمد ہو سکے تو پھر ان ہی حروف کے نظائر ابجدی یا ایقغی میں سے کوئی حرف لیں۔ مثلاً" عدد میزانیہ کی اکائی ۲ ہے تو اول ہم جدول ایقغ میں نمبر۲ کے نیچے درج شدہ حروف یعنی ب ک ر میں سے ایک لیں گے اور اگر ان تینوں حروف میں سے کوئی حرف کار آمد ثابت نہ ہو تو پھر ان ہی حروف کے نظیرہ ابجدی یا ایقغی میں سے ایک حرف حسب ضرورت لے لیں گے۔

نظائر ابجد

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

نظائر ایقغ

ا	ی	ق	غ	ب	ک	ر	ج	ل	ش	د	م	ت	ھ
ن	ث	و	س	خ	ز	ع	ذ	ج	ف	ض	ط	ص	ظ

مثلاً" ب کا نظیرہ ابجد ع اور نظیرہ ایقغ خ ہے اسی طرح دیگر حروف کے نظائر قیاس

انتخاب حروف

عدد میزانیہ کے تحت آنے والے حروف میں سے کس حرف کا انتخاب کیا جائے۔ اس کے متعلق میں اپنا نظیرہ تو پہلے ہی پیش کر چکا ہوں کہ جس حرف سے موافق مطلب با معنی لفظ پیدا ہو سکے اسی حرف کا انتخاب کریں گے خواہ وہ قاعدہ انتخاب کے تحت آتا ہو یا نہیں۔

اسی طرح سین کے مستحصلہ کے متعلق میرا یہ عندیہ ہے کہ اس کا مستحصلہ جملہ قواعد کی قیود سے آزاد ہے اگر قواعد کے تحت اس کا مستحصلہ آ سکتا ہے تو فبہا ورنہ بلا رعایت تواعدد قانون جس حرف کی ضرورت ہو رہی لے لیں گو علمائے جفر نے اس کو پابند سلاسل کرنے کے لئے علیحدہ اس کے لئے بہت سے قواعد وضع کئے ہیں۔ مثلاً" اگر سین کسی ربع کے خانہ اول میں ہو تو اس کے عدد تین لیتے ہیں۔ خانہ دوم میں چار۔ خانہ سوم میں پانچ اور خانہ چہارم میں چھ عدد لیتے ہیں۔ لیکن جب اس سے بھی کام نہ چلا تو یہ قاعدہ بنایا کہ سین کا مستحصلہ سین یا اس کا نظیرہ الف لینا چاہئے۔ غرض کہ اسی طرح بہت سے قواعد متعلق بہ حرف سین ہیں مگر اس کی طبع غیور کسی قاعدہ خاص کی مرہون منت ہونا کب گوارا کرتی ہے۔

انتخاب حروف کے متعلق علماء نے جو قواعد بیان کئے ہیں وہ یہ ہیں جس حرف کا مستحصلہ لینا ہو وہ حرف اور حرف مستحصلہ ہر دو ہم مرتبہ یا مزاج نہ ہوں یعنی اگر ایک حرف مرتبہ احاد رکھتا ہے تو دوسرے حرف کا مرتبہ احاد نہ ہونا چاہئے بلکہ عشرات ‘ میات یا الوف میں سے کوئی مرتبہ ہونا چاہئے۔ (جن حروف کے اعداد ایک سے نو تک ہیں ان کا مرتبہ احاد ہوتا ہے اور جن حروف کے عدد دس سے نوے تک ہوتے ہیں ان کا مرتبہ عشرات کہلاتا ہے۔ جن حروف کے عدد ایک سو سے نو سو تک ہوتے ہیں ان کا مرتبہ میات ہے اور حروف غین جس کے عدد ایک ہزار ہیں اس کا مرتبہ الوف کہلاتا ہے)

حروف کے مزاج چار ہیں۔ آتشی ‘ بادی ‘ آبی ‘ خاکی ‘ جن کی تشریح یہ ہے۔

جدول مزاج حروف

آتشی	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
بادی	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاکی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

اس توضیح کے بعد آپ ہم مزاج یا ہم طبع ہونا بخوبی سمجھ لیں گے۔ مثلاً" حرف مستحضرہ (وہ حرف جس کا مستحصلہ لینا ہے) الف ہے۔ تو اس کا حرف مستحصلہ بقیہ آتشی حروف (ھ ط م ف ش ذ) میں سے نہ ہونا چاہئے جو اس کے ہم طبع ہے۔

اگر یہ رعایت یعنی ہم مرتبہ یا ہم طبع ہونا حرف مستحضرہ کے ساتھ قائم نہ رہ سکے تو حرف مستحصلہ ہم پہلو سے قائم کریں۔ نیز حرف مستحضرہ اگر ایسا حرف ہے کہ پہلے بھی گزر چکا ہے مثلاً" عین مستحضرہ ہے اور ایک یا دو عین کا اس سے قبل مستحصلہ لیا جا چکا ہے۔ تو ہم مرتبہ و ہم مزاج ہونے کی رعایت عین کے گزشتہ یا سابقہ مستحصلات کے ساتھ قائم کریں گے۔ کبھی حرف مستحصلہ کا انتخاب خانہ ہائے ربعات سے بھی کیا جاتا ہے۔ اس طرح کہ اگر ربع کا پہلا خانہ ہے تو پہلا حرف لیں گے۔ دوسرا خانہ ہو تو دوسرا علی ہذا۔ مثلاً" میزان سے تین عدد حاصل ہوئے اس لئے "جلش" سے ایک حرف لینا ہے۔ اب اگر ربع کا خانہ اول ہے تو پہلا حرف "جیم" لیں گے اور اگر دوسرا خانہ ہو تو دوسرا حرف "لام" لیں گے۔ غرض کہ اسی طرح بہت سے قواعد وضع کئے ہیں جو میرے نزدیک تکلفات بے جا سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے کیونکہ "زبان" جس مین جواب بر آمد ہوتا ہے وہ ان قیود سے آزاد ہے اس لئے انتخاب حروف بھی آزادانہ ہونا چاہئے۔ بہرحال یہ میری ذاتی رائے یہ کوئی ضروری نہیں کہ آپ اس کے پابند ہی ہوں۔ آپ اپنی مرضی کے مالک ہیں جس میں آپ کو سہولت و کامیابی ہو اس طریق پر عمل کریں۔ اب ہر دو عشرات کے لحاظ سے مثالیں پیش کرتا ہوں۔

سوال:- کعبہ کس شہر میں ؟

اعداد ۷۹۷ حروف ک ض

حروف ۱۴ ملفوظی کاف ضاد

نقاط ۹ شمار حروف ۶ = و

میزان ۷۲۰ نقاط ۲ = ب

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
اساس	ک	ا	ف	ض	ا	د	و	ب
نظیره	ذ	س	ج	ل	س	ص	ر	ع
تکسیر	ع	ذ	ر	س	ص	ج	س	ل
اعداد حروف	۴	۵	۴	۳	۸	۳	۳	۵
عدد قانونی	۳	X	۳	۳	۳	۳	۳	۳
عشرات	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ربعات	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۲	۲
تکرار جنسی	۰	۰	۱	۲	۲	۰	۳	۰
تکرار حرفی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۰
میزان	۶	۳	۵	۴	۷	۱	۵	۱
مستحصله	ر	ش	ه	م	ک	ه	ه	ی
جواب	شہر			مکہ			ہے	

طالبان جفر کسی جفار کے ایک مستحصلہ کے حل کے لئے حیران و سرگرداں پھرتے ہیں کہ کہیں سے اس کا حل ہاتھ لگے۔ میں ان کے شوق کی تسکین اور اپنے بیان کردہ قواعد کی توضیح کے لئے مستحصلہ مذکور کا حل پیش کرتا ہوں۔

سوال:۔ یا امیرالمومنین انکاح کمترین عبدالکریم بازینب بنت اسماعیل چگونہ خواہد بود؟؟

اعداد سوال:۔ ۲۶۴۳

”یا امیرالمومنین“ ”یا“ ”یا علیم“ وغیرہ اس قسم کے الفاظ محض تبرکاً بڑھائے جاتے ہیں۔ اس لئے

ان کے اعداد نہیں لئے جاتے البتہ شمار حروف و نقاط میں شریک کر لیا جاتا ہے۔

شمار حروف سوال (مع یا امیرالمومنین) ۶۲

شمار نقاط سوال (مع یا امیرالمومنین) ۳۵,۹۷

جملہ :- ۲۷۲۰

تخلیص سوال :- ی ا م ر ل و ن ک ح ت ع ب د ز س ج ھ خ

کل حروف	۱۸	۲۷۲۰		
نقاط	۹	۲۷	حروف خارج کئے	
جملہ	۲۷	کبیر	۲۶۹۳	ج ط س ر
		وسیط	۲۱۸	ح ی ک
		صغیر	۱۱	ھ و
		اصغر	۲	ب

ملفوظی :- جیم' طا سین' را' حا' یا' کاف' ھا' واو' با۔

کل حروف ۲۴ ہوئے اور نقاط ۱۰ ہیں (د ک ی) حاصل ہوئے ان سب سے سطر اساس قائم ہوئی۔

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳
اساس	ب	ا	م	ی	م	ش	ی	ن	د	ا	و	ل	ا	م	د	ا	ل	ھ	ا	ط	ا	ا	ک
نظیرابطمی	د	ج	س	ل	س	ش	ل	غ	ح	ج	خ	ی	ج	س	ب	ج	ی	ز	ج	ک	ج	ج	ط
تکسیر	ط	د	ج	ج	ج	س	ک	ل	ج	س	ز	ش	ی	ل	ج	غ	ب	ح	س	ج	ج	ح	ی
نظیرابجدی	ث	ص	ف	ف	ف	ا	ذ	ض	ف	ا	ش	ط	خ	ض	ف	ب	غ	ت	ا	ف	ف	ت	خ
اعدادابطمی	۵	۵	۳	۳	۳	۶	۳	۵	۳	۶	۱	۳	☒	۵	۳	۱	☒	۳	۶	۳	۳	۳	☒
تکرارحرفی	•	•	•	۱	۲	•	•	•	۳	۱	•	•	•	۱	۴	•	•	•	۲	۵	۶	۱	۱
ربعات	۵	۴	۴	۴	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۳	۴	۴	۴	۴	۵	۵	۵	۵	۶	۶	۶
عشرات	•	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲	۳	۴
میزان	۱	۱	۹	۱	۱	۳	۱	۴	۷	۹	۴	۶	۴	۴	۶	۱	۳	۶	۵	۶	۷	۳	۱
مستحصہ	ن	ا	م	ا	ن	ش	ا	د	ب	د	م	ق	د	م	ا	و	ب	ر	ن	ا	ک	ت	ش
جواب	نا م			ان		شاد			بد		مقدم				او		بر		نا کحش				

عدد حرف وتکرار میں
سات حذف کیا ایک باقی

عشر حذف کیا دس کا صفر
حذف کر کے ایک لیا

س کو ش سے بدلا

مستحصلہ محمد حسین مشہدی

مستحصلہ اعظمی

میرے پاس فارسی کا ایک قلمی رسالہ ہے۔ یہ رسالہ محمد حسین بن حاجی سید علی مشہدی کا ہے جس کا نام انہوں نے "اعجاز الحیدر" رکھا ہے۔ اس میں انہوں نے مستحصلہ اعظمی بیان فرمایا ہے۔ جو ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں کہ:۔

" قاعدہ ہذا حضرت علی بن ابی طالب اسد اللہ الغالب کے فیوضات میں سے ہے جس کو میں نے استاد کامل سے سالہا سال کی خدمت گزاری کے بعد حاصل کیا ہے۔ قداء کی تحریروں اور واقفان فن کی کتابوں سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ میں نے خود شوق علم میں مدت ہائے مدید تک اوراق سیاہ کئے ہیں لیکن کچھ حاصل نہ ہوا کیونکہ انہوں نے جو کچھ لکھا ہے رمزو کنایات میں لکھا ہے۔ برخلاف اس کے میں نے اس قاعدے کے بیان کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ جس شخص کو اس علم میں کچھ بھی شعور یا تھوڑی بہت بھی دسترس حاصل ہو گی وہ حصول مقاصد سے محروم نہ رہے گا۔ مجھے طالبان علم سے امید ہے کہ وہ مجھے دعائے خیر سے فراموش نہ فرمائیں گے۔

شرط استخراج یہ ہیں:۔

۱۔ عامل پاک صاف اور باوضو ہو۔

۲۔ مقام خلوت ہو جہاں کوئی نہ ہو اور نہ کسی قسم کا شورو شعب ہو۔

۳۔ عامل کو یکسوئی قلب حاصل ہو۔

شرائط بالا کے بعد درود شریف پڑھ کر استخراج کی طرف متوجہ ہوں جس کا طریقہ یہ ہے۔

۱۔ ابجد سے اعداد سوال حاصل کریں۔

۲۔ سوال کے حروف شمار کریں جس قدر شمار حروف ہو اس کو اعداد سوال میں اضافہ کر دیں۔

۳۔ ۵۰۳ پانچ سو تین قاعدہ ہذا کے لازمی ہیں ان کا ہر سوال میں اضافہ کریں جو کچھ حاصل ہو اس کو مداخل اربعہ (مدخل کبیر، وسیط، صغیر اور اصغر) کر کے حروف حاصل کریں۔ پھر ان حاصل شدہ حروف کو ملفوظی کریں اور علیحدہ علیحدہ ایک سطر میں لکھ لیں۔ پھر ان حروف کو شمار کر کے شمار حروف بنا کر آخر سطر میں بڑھا دیں۔ مثلاً"

"تراب علی را قدم آن زن منکوحہ مبارک ہست یا نامبارک شود"

سوال ہذا کی ساخت غلط اور پراز حشو ہے جس میں قدوم کے بجائے قدم اور مبارک ہست یا نہ کے بجائے مبارک ہست یا نامبارک شود ہے۔ یہ سوال ان الفاظ میں ہونا چاہئے تھا "قدوم زوجہ تراب علی را مبارک ہست یا نہ؟" نیز حروف کا شمار بھی غلط ہے۔ یعنی ۴۲ کے بجائے ۴۱ ہے۔ خیر بہرحال توضیع قواعد کے لئے یہ بھی کافی ہے کیونکہ مثال سے مقصود صرف تفہیم مسائل ہوتا ہے۔

اعداد	۲۸۵۸		
شمار حروف	۴۱		
اعداد لازمہ	۵۰۳		
مدخل کبیر	۳۴۰۲	حروف	= ب م ش
مدخل وسیط	۳۶	حروف	= و ل
مدخل صغیر	۹(=۴ و ۵)	حروف	= د ھ

مدخل اصغر ۹ حروف = ط

ان تمام حروف کو مانوئلی کر کے سطر اساس قائم کی۔

نمبر شمار ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳

اساس:۔ ا م ی م ش ی ن د ا د ل ا م د ا ل ھ ا ط ا ا ک

پھر سطر اساس کا جدول ذیل سے نظیرہ ابطمی لیں۔

نظیرہ ابطمی

ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

بعدہ از نظیرہ ابطمی، سطر نظیرہ کو تکسیر کریں اور پھر اس سطر تکسیر کا نظیرہ ابجدی لیں۔ اسی نظیرہ ابجدی سے مستحصلہ لیا جائے گا۔ جس کے قواعد حسب ذیل ہیں۔

اولاً ہر حرف کے نیچے اس کے عدد جدول ہذا سے لکھ لیں۔

جدول اعداد

ربع اول	۰	۱	۲	۳	۴	۵	۶
آتشی	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
اعداد	۲	۱	۳	۱	۳	۱	۳
بادی	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
اعداد	۱	۳	۱	۳	۵	۳	۵
آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
اعداد	۳	۵	۳	۵	۳	۵	ساقط
خاکی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ
اعداد	۵	ساقط	۵	ساقط	۵	ساقط	۵

طریق استخراج اعداد

صاحب قاعدہ نے اعداد بالا کے استخراج کا ذکر کہیں اشار ”کنا یا“ بھی نہیں کیا۔ غور کرنے کے بعد جو طریقہ میری سمجھ میں آیا بیان کرتا ہوں۔

ابجد کے حروف کو چار قسم (آتشی، بادی، آبی، خاکی) پر تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر ایک قسم کے ساتھ سات حرف ہیں۔ اسی سات کے عدد کو رس العدد قرار دے کر جملہ حروف کے اعداد کا استخراج اسی کے ذریعہ کیا گیا ہے۔ یعنی پہلے حرف اول الف کے اعداد ملفوظی لئے اور اس کو سات سے تقسیم کیا جو باقی بچا اس کو حرف الف کا عدد قرار دیا گیا چنانچہ الف کے عدد ملفوظی ۱۱۱ کو ۷ سے تقسیم کیا تو ۶ باقی بچے۔ یہ الف کا عدد ہوا۔ پھر الف یا جو حرف ہو اس کا عدد احاد دیکھیں گے جس قدر اعداد احادا ہوں گے اسی قدر حروف کا یہی عدد ہو گا۔ لیکن ایک حرف درمیان میں چھوڑ کر ہر دوسرے حرف کو یہی عدد دیا جائے گا۔ چنانچہ قاعدہ ہذا کے مطابق چونکہ الف کا عدد احاد صرف ایک ہے لہٰذا یہ عدد صرف ایک ہی حرف (الف) کا رہے گا۔

اگر کسی حرف کے عدد ملفوظی ۷ سے کم ہوں تو ان کو ۷ میں سے نکالیں گے جو کچھ بچے وہی اس حرف کا عدد ہو گا۔ مثلاً ”ھا“ کے اعداد ملفوظی ۶ ہیں۔ ۶ کو ۷ میں سے منہا کیا تو ایک باقی بچا یہی اس کا عدد ہو گا۔ اب ھا کے عدد احاد دیکھے اس کے عدد احاد ”۵“ ہیں لہٰذا یہی ایک عدد۔ ایک حرف درمیان میں چھوڑ کر ۵ حروف (ھ م ش ب ی) کا ہو گا۔

ھا کے بعد طا کے اعداد ملفوظی ۱۰ میں سے ۷ کم کئے تو ۳ باقی رہے۔ چونکہ طا کے اعداد مرتبی ۹ ہیں اس لئے نو حروف (ط ف ز و ن ت ج ک ق) کے ۳ عدد ہوں گے۔

طا کے بعد قسم اول میں کوئی حرف خالی از عدد باقی نہیں۔ قسم دوم میں پانچواں حرف صاد خالی از عدد ہے۔ صاد کے اعداد ملفوظی ۹۵ ہیں ان میں ایک عدد قسم گزشتہ کا ملایا تو ۹۶ ہوئے ان کو ۷ سے تقسیم کیا تو ۵ بچے چونکہ صاد کے عدد احاد ۹ ہیں اس لئے اس کے حروف (ص ض ز س ث د ل ر غ) کے پانچ عدد ہوں گے۔

اس کے بعد قسم سوم میں ظا خالی از عدد ہے اس کے ملفوظی اعداد ۹۰۱ ہیں۔ اس میں دو عدد قسم گزشتہ کے ملائے تو ۹۰۳ ہوئے ان کو ۷ سے تقسیم کیا تو باقی کچھ نہ بچا۔ لہٰذا ظا اور بقیہ حروف کو ساقط کیا گیا۔ علاوہ ازیں ایک وجہ سقوط کی یہ بھی ہے کہ ظا کے اعداد احاد ۹ ہیں۔ چونکہ عدد ہذا کے لئے تو حرف کامل نہیں صرف چار حرف ہیں اس لئے ان کو ساقط کیا گیا۔

۱۔ اعداد حروف

غرض کہ جدول ہذا سے ایک حرف کے نیچے اس کے عدد لکھ لیں۔

۲۔ تکرار

قاعدہ ہذا میں صرف تکرار حرفی لی گئی ہے۔ جس کا قاعدہ یہ ہے کہ تکرار حرف ایک سے ۷ تک لی جائے گی۔ اگر ۷ سے زائد کوئی حرف مکرر آئے مثلاً" آٹھ یا دس بار تو سات کے بعد ہر ایک دو سے سلسلہ تکرار شروع کر دیا جائے گا۔ اور اسی طرح پھر سات پر ختم ہو جائے گا۔ نیز حرف مکرر کے عدد اور عدد تکرار دونو کا مجموعہ اگر ۷ ہو تو حذف کر دیا جائے گا اور اگر مجموعہ ۷ سے زائد ہو تو ۷ کم کر کے بقیہ اعداد کو حساب میں لیا جائے گا۔ مثلاً" الف کے ۶ ہیں۔ ایک بار مکرر آئے تو ہر دو کا مجموعہ ۷ ہو گا۔ اس لئے ہر دو عدد خارج از حساب متصور ہوں گے۔ اور اگر الف چوتھی بار مکرر آیا تو ۶+۴ ہر دو کا مجموعہ دس ہو گا۔ اس میں سے ۷ باقی نکالے تو ۳ بچے یہی حساب میں لیں گے۔

۳۔ ربعات

ربعات کا طریقہ بالکل وہی ہے جو بدوح بلن میں بیان کیا گیا ہے۔ صرف ربع اول کا طریقہ

اس سے مختلف ہے اور وہ یہ ہے کہ ربع اول کے ہر ایک حرف و جدول اعداد میں ملاحظہ فرمالیں کہ اس حرف کے اوپر سب سے اوپر والے خانے میں کون سا ہندسہ درج ہے جو ہندسہ درج ہوگا اسی کو لکھ لیں گے۔ مثلاً ''س ہے تو ۳ یا فا ہے تو چار وغیرہ۔

۴۔ عشرات

سطر چہارم اعداد خانہ یا عشرات کو اس طرح پر کریں کہ پہلے خانے میں صفر لگا کر آئندہ خانوں میں ایک دو تین وغیرہ دس تک لکھیں دس کے بعد پھر دو تین کا سلسلہ اس طرح دس تک جاری رہے گا۔ پھر اسی طرح دو تین سے دس تک علی ہذا۔

۵۔ میزان

تمام اعداد بالا کو جمع کریں اور مرتبہ احاد سے ابجد ایقغ سے مستحصلہ لیں یعنی میزان میں جو عدد ہو ابجد ایقغ کے اسی مرتبے کے حروف میں سے ایک حرف لیں یا ان ہی حروف میں سے کسی ایک حروف کا نظیرہ ابجدی یا ایقغی لیں مزید تشریح حل میں ملاحظہ ہو۔ مراتب ایقغ و نظائر برائے سہولت مکرر درج ہیں۔

مراتب ایقغ

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط
ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
ق	ر	ش	ت	ث	خ	ز	ض	ظ
غ								

نظیرہ ابجد

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

نظیرہ ایقغ

ا	ی	ق	غ	ب	ک	ر	ج	ل	ش	د	م	ت	ھ
ن	ث	و	س	خ	ز	ع	ذ	ح	ف	ض	ط	ص	ظ

حل ہذا میں صاحب قاعدہ نے صرف ۱۶ حرف تک یعنی بد مقدم او تک حل لکھا ہے جملہ کا آخری حصہ میں نے مکمل کیا ہے۔

مساوات کی حروف ترقی کی طرح دو چند لئے گئے ہیں یعنی حرف کے عدد اصلی کے مساوی ( ) دوسرے عدد ملائے گئے ہیں:-

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
اساس	ج	ی	م	ط	ا	س	ی	ن	ر	ا	ح	ا	ی	ا	ک	ا	ف	ھ	ا	و	ا	د	ب	ا	د	ک	ی
نظیره	ف	خ	ظ	ش	س	ا	خ	غ	و	س	ت	س	خ	س	ذ	س	ج	ق	س	ر	س	ر	ع	س	ص	ذ	خ
تکسیر	خَ	فِ	ذِ	خَ	صَ	ظِ	سِ	شِ	عَ	سَ	رَ	اَ	سِ	خَ	رَ	غَ	سِ	وَ	قِ	سِ	جَ	ت	سِ	سِ	ذِ	خَ	سِ
اعداد حروف	۲	۴	۵	۲	۸	۶	۴	۳	۴	۳	۴	۲	۳	۲	۴	۲	۳	۸	۶	۳	۶	۸	۳	۳	۵	۲	۳
اعداد قانونی	۳	۳	×	۳	۳	×	۳	×	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	×	۳	۳	۳	۳	۳	×	۳	۳
عشرات	۷	۶	۵	~~۴~~	~~۳~~	~~۲~~	~~۱~~	۱	۱	~~۱~~	۲	۲	۲	~~۲~~	۲	۲	~~۲~~	۲	۲	~~۲~~	۳	~~۳~~	۳	۳	۳	۳	۳
ربعات	۱	۲	۳	۴	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۳	۴	۴	۴	۴	۵	۵	۵	۵	۶	۶	۶	۶	۷	۷	۷
عدد مستحصله												۴															
تکرار جنسی		۱	۲	۲	۳	۳	۴	۵	۴		۵	۱	۱	۱	۱				۴								
تکرار حرفی								۱	۱	۲		۱	۳	۳	۲	۱	۴	۱	۱	۵			۱	۲			
میزان	۳	۶	۵	۱	۶	۱	۸	۳	۶	۱	۷	۶	۶	۹	۶	۲	۵	۹	۴	۶	۸	۷	۶	۷	۶	۵	۱
مستحصله	ف	ر	ق	ن	ی	س	ت	ز	ی	ن	ب	ر	ا	ذ	ر	ع	ق	د	ح	ا	ل	ب	ا	ک	ی	ن	ھ
جواب	فرق			نیست				زینب				را		در		عقد			حال			باکے				نہ	

توضیح :- جب ایک ہی عدد مکرر آئے تو ایک جگہ حذف کرنا جائز ہے۔

نقد

اعداد لازمہ:-

میرے نزدیک اعداد سوال میں کسی عدد لازمہ کا اضافہ کرنا مستحسن نہیں خواہ کسی قانون کے تحت ہو یہ اضافہ نہ صرف بار بے جا کے مترادف ہوتا ہے بلکہ بعض اوقات اختلال جواب کا بھی سبب بن جاتا ہے۔

تکرار:-

قاعدہ ہذا میں طریق تکرار نہایت ناقص ہے۔ اس طریقے سے صرف سات مراتب ایقغ کو موقع ملے گا خواہ کوئی سے ہوں اور تین یا چار مراتب ہر خانے میں (خواہ کوئی حرف ہو) باقی رہیں گے۔ کل ابجد ابطمی میں (۱-۳-۵-۶) عدد جملہ حرف کے ہیں۔ ان اعداد کے ساتھ تکرار سے جو مراتب پیدا ہوتے ہیں وہ ملاحظہ ہوں۔

اعداد ابطمی - تکرار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۱ - نتیجہ تکرار	۲	۳	۴	۵	۶	۰	۱
۳ - نتیجہ تکرار	۴	۵	۶	۰	۱	۲	۳
۵ - نتیجہ تکرار	۶	۰	۱	۲	۳	۴	۵
۶ - نتیجہ تکرار	۰	۱	۲	۳	۴	۵	۶

اب اس نتیجہ میں خواہ کسی خانے کے ربعات و عشرات داخل کریں یہ کمی ہرگز پوری نہ ہو گی۔ مثلاً" خانہ ہشتم میں ربع ۲ عشرے کل ۹ ہوئے۔ اب نو کے ساتھ کسی بھی عدد کی مکمل تکرار ملا کر دیکھیں ہر مقام پر تین چار مراتب باقی رہیں گے۔

مذکور بالا خامی کو دور کرنے کا صرف یہ طریقہ ہے کہ تکرار حرفی کے ساتھ ساتھ تکرار جنسی

بھی لی جائے یعنی جس قدر آتشی حروف ان کو تکرار ے تک لیں۔ اگر سات سے زیادہ ہوں تو پھر ایک سے شروع کر دیں۔ اسی طرح بادی' آبی اور خاکی حروف کی تکرار لیں۔

دوسرے عدد حرف و تکرار کے مجموعے سے سات کے منہا کرنے کو ترک کر دیں یہ نقص دور ہو جائے گا۔

عشرات:۔

طریق عشرات میں بہتر نہیں۔ اس سے ہر خانے کو دیگر اعداد یا تغیرات کا موقع نہیں ملتا جیسا کہ ہم بدوح یلین میں بحث کر چکے ہیں۔ عشرات کا بہتر طریقہ یہی ہے کہ عشرات کو آخری خانے سے شروع کیا جائے۔

ابجدات

علم جفر میں ابجدات کو جو اہمیت حاصل ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اگر علم الابجدات نہیں تو کچھ بھی نہیں۔ لیکن بایں ہمہ انہی کے بیان سے کتب جفر خالی ہیں۔ فروعی ابجدات کے بیان سے تو کتابیں بھری پڑی ہیں جن سے کوئی خاص فائدہ نہیں لیکن اصولی ابجدات کا کوئی نام تک نہیں لیتا جن پر علم جفر اور فروعی ابجدات کی بنیاد قائم ہے۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے یہاں ہر دو قسم کی ابجدات کا کچھ بیان کر دیا جائے۔

امہات الابجد

”امہات الابجد“ ایسی اصولی ابجدات کو کہتے ہیں جو کسی قاعدہ خاص کے تحت بنائی گئی ہوں۔ ان سے صدہا قسم کی فروعی ابجدیں بنائی جاتی ہیں۔ لیکن یہ خود کسی ابجد کے ذریعے نہیں بنائی جاتیں۔ بلکہ ان کی ساخت کسی خاص قانون کے تحت ہوتی ہے جو مستقل بذاتہ ہوتی ہے۔ ان میں سے جس قدرث ابجدات مجھے معلوم ہیں ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔

۱- ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

۲- ابجد شمسی

ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	ل	م	ن	و	ھ	ی

۳- ابجد قطب

س	و	ا	ل	ع	ظ	ی	م	خ	ق	ح	ز	ت	ف
ص	ن	ذ	غ	ر	ب	ش	ک	ض	ط	ھ	ج	د	ث

ابجد ہذا کا ماخذ مندرجہ ذیل شعر ہے جس کے مکررات حذف کرنے سے ابجد ہذا برآمد ہوتی ہے۔

سوال عظیم الخلق حدت فصن اذا”
غرائب شک ضبطه الجد مثلا

مالک بن وہب نے اس شعر میں اوضاع فلکی کے اعتبار سے تمام حروف کو یکجا جمع کر کے بصورت شعر منظم و مرتب کر دیا ہے۔ اس شعر کو معنی سے کوئی تعلق نہیں۔ اس کی تنظیم کا مقصد صرف حروف کو ایک نہج پر قائم کرنا یا سوال سے اسی شعر کے ہم وزن جواب حاصل کرنا ہے۔

اسرار قطبیہ

اس میں جو اسرارات پوشیدہ ہیں اس کا انداز صرف اس جملہ " **ھٰذا سرٌ من سرّ اسرار الاولیاء** " سے لگایا جا سکتا ہے۔ جو اس کے متعلق مشہور ہے اس کے بہت سے قاعدے ہیں۔ مثلاً " اول سوال کو مفرد لکھیں اور حروف سوال شمار کریں۔ اگر ۴۱ سے زیادہ ہوں تو آخر سے مکررات حذف کر کے پورے ۴۱ حروف کر لیں۔ اور اگر ۴۱ حروف سے کم ہوں تو حروف سوال کی کسرات سے حروف پیدا کر کے ۴۱ بنا لیں۔

اس کے نیچے مذکورہ بالا شعر کے ۴۱ حروف مفرد لکھ لیں۔ سطر سوم حروف طالع۔ رابع۔ سابق اور عاشر کے حروف کی کسرات سے ۴۲ حرف پیدا کریں۔

پھر ان تینوں سطروں کو امتزاج دے کر ایک سطر بنا لیں یعنی ایک حرف سطر اول سے ' دوسرا سطر دوم سے ' تیسرا سطر سوم سے لے لکھتے جائیں۔ اس طرح آپ کے پاس ۱۲۴ حروف جمع ہو جائیں گے۔ ان حروف کو بارہ در بارہ خانوں کی جدول میں لکھ لیں۔ اب اگر اردو میں جواب حاصل کرنا ہے تو چار چار کی طرح سے حرف اٹھائیں اور اگر عربی میں جواب لینا ہے تو دس دس کی طرح اور فارسی میں جواب لینا ہو تو بارہ بارہ کی طرح سے حرف لیں اور اس طرح حاصل شدہ حرف کو تکسیر کر کے جواب پر غور کریں لیکن اس امر کا خیال رکھیں کہ جس زبان میں سوال کا جواب حاصل کرنا چاہتے ہوں اسی زبان میں سوال قائم کریں نہ کہ یہ سوال ہو فارسی میں اور آپ جواب عربی یا اردو میں نکالنے لگیں۔ جیسا کہ مفتاح الجفر میں سوال "افتتاح حویلی بوساطت شیخ فتح اللہ شودیانہ" میں کیا ہے۔ اصل مستحصلہ عربی زبان میں ہو گا کسی نے اس کو فارسی میں ترجمہ کیا اور ترجمہ کرتے وقت سوال کا بھی فارسی میں ترجمہ کر ڈالا۔ اس فارسی نسخے سے صاحب مفتاح نے اردو میں ترجمہ کر ڈالا لیکن جواب میں ہر دو حضرات میں سے کوئی بھی تصرف نہ کر سکا کیونکہ اس کے ساتھ تکسیری عمل بھی موجود ہے۔ اگر تکسیر نہ ہوتی تو شاید جواب بھی دست برد سے محفوظ نہ رہتا۔

ہم اس ابجد سے استخراجات کے طریقے انشاءاللہ اس کتاب کے حصہ چہارم میں بشرط زیست

بیان کریں گے۔

۴۔ منظوم

خ	د	ی	ع	ض	ا	ج	ل	ص	ک	ط	ق	ف	ز
و	ح	ث	ش	غ	ذ	ب	س	ھ	ر	ت	ن	ظ	م

ابجد قطب کی طرح ابجد ہذا کا سرچشمہ مندرجہ ذیل شعر ہے جس کو باعتبار تناسب موسیقی وضع کیا گیا ہے۔ اس شعر کے حروف مکررات حذف کرنے سے ابجد بالا بر آمد ہوتی ہے۔

خدیع ضیاج لایصک طقفزا
واحداث شغذ بالسواھر تنظیم

۵۔ افسج

ا	ف	س	ج	ع	ی	ل	م	ھ	ض	ر	ز	ط	غ
ث	ب	ح	ظ	خ	ن	ق	ک	و	ت	ش	ص	د	ذ

یہ ابجد عموماً" بروج کے حروف متعین کرنے میں کام آتی ہے۔

۶۔ اجہت

ا	ج	ھ	ب	و	ز	ر	د	ی	ک	ش	خ	ل	س
ث	ظ	م	ف	ذ	غ	ن	ت	ص	ض	ع	ح	ط	ق

یہ ابجد تعین اعراف میں کار آمد ثابت ہوتی ہے۔

ابجد قمری کے خواص

حروف ابجد	اسمائے حسنے	اعداد	معنے	خاصیت	دور اعداد	نتائج	طبایع	بخور	بروج	منازل	کواکب	جن	موکل
ا	الله	۶۶	خدا	جلالی	۱۰۰۰	مودت	گرم	عود سیاہ	حمل	شرطین	زحل	بنولوش	اسرافیل
ب	باقی	۱۱۳	ہمیشہ ہے	جمالی	۱۰۰	محبت	رطب	شکر	جوزا	بطین	مشتری	دلوش	جبرائیل
ج	جامع	۱۱۴	جمع کرنیوالا	مشترک	۷۰	محبت	یابس	دارچینی	سرطان	ثریا	مریخ	نونوس	کلکائیل
د	دیان	۶۵	حساب کرنیوالا	جلالی	۷۲	عداوت	بارد	صندل سرخ	ثور	دبران	شمس	طیوس	دردائیل
ہ	ہادی	۲۰	راہ دکھانیوالا	جمالی	۱۰۰	عداوت	گرم	صندل سفید	حمل	ہقعہ	زہرہ	ہوش	رودائیل
و	ولی	۴۶	دوست اور مددگار	جمالی	۲۰۰	محبت	رطب	کافور	جوزا	ہنعہ	عطارد	پوپوش	اہمائیل
ز	زکی	۳۷	پاک کرنیوالا	مشترک	۷۱	محبت	خشک	شہد	سرطان	ذراع	قمر	کالہ پوش	ترقائیل
ح	حق	۱۰۸	سزاوار خداوندی کے	مشترک	۳۰۰	بغض	تر	زعفران	جدی	نثرہ	زحل	عیوش	تنکفیل
ط	طاہر	۲۱۵	پاک کرنیوالا	جلالی	۷۲	صعد بہوت	گرم	مشک	حمل	طرفہ	مشتری	بدپوش	اسمائیل
ی	یس	۱۳۰	بزرگ	جمالی	۱۰۰۰	فتح زحل	تر	گل سرخ	میزان	جبہہ	مریخ	شنپوش	سراکیکائیل
ک	کافی	۱۱۱	کفایت کرنیوالا	جمالی	۲۰۰	محبت	خشک	گل سعید	عقرب	زبرہ	شمس	حدپوش	خرردائیل
ل	لطیف	۱۲۹	باریک بین	جمالی	۷۲	جدائی	سرد	پوستہ [illegible]	ثور	صرفہ	زہرہ	عدپوش	طاطائیل
م	ملک	۹۰	بادشاہ حقیقی	جلالی	۹۰	محبت	گرم	آملی	اسد	عوا	عطارد	محجوش	روبائیل
ن	نور	۲۵۶	روشن کرنیوالا	جمالی	۷۲	بغض	تر	سنبل	میزان	سماک	قمر	وطیوش	حونائیل

س	سمیع	۱۸۰	سننے والا	مشترک	۵۰۰	عقد شہوت	خشک	خوشبوئی مرکب	قوس	غفر	زحل	نعبوش	ہمواکیل ۲
ع	علے	۱۱۰	بلند مرتبہ	جلالی	۲۰۰	تونگری	سرد	فلفل سفید	سنبلہ	زبانا	مشتری	دیبوش	لوماکیل ۲
ف	فتاح	۴۸۹	کھولنے والا	جمالی	۷۲	عداوت	گرم	جوز	اسد	اکلیل	مریخ	یوطیوش	سرحمائیل ۲
ص	صمد	۱۳۴	بے پروا	جلالی	۲۰۰	الفت	تر	بساسہ	میزان	قلب	شمس	قدابوش	الجمائیل ۴
ق	قادر	۱۰۵	قدرت والا	مشترک	۳۰۰	عقد شہوت	خشک	ترنج	حوت	کشولہ	زہرہ	شمہوش	عطرائیل ۲
ر	رب	۲۰۲	پروردگار	جلالے	۷۲	مودت	سرو	گلاب	سنبلہ	نعائم	عطارد	زنبوش	امواکیل ۲
ش	شفیع	[illegible]	شفاعت قبول کرنیوالا	جلالی	۲۰۰	عداوت	گرم	عود سفید	عقرب	بلدہ	قمر	لتوبیش	ہمرائیل ۲
ت	تواب	۴۰۹	توبہ قبول کرنیوالا	جمالی	۳۰۰	عقد نوم	تر	صبر	دلو	سعد ذابح	زحل	یطوش	عزرائیل ۴
ث	ثابت	۹۰۳	قائم رہنے والا	جلالی	۴۰۰	بغض	خشک	عود سفید	حوت	سعد بلع	مشتری	طحیوش	میکائیل ۴
خ	خالق	۷۳۱	پیدا کرنیوالا	مشترک	۷۰	محبت	سرد	بنفشہ	جدی	سعد السعود	مریخ	والابوش	مہیکائیل ۴
ذ	ذاکر	۹۲۱	یاد کرنیوالا	مشترک	۷۹	بغض	گرم	ریحان	قوس	ماندیکہ	شمس	مدکانوش	ہرطائیل ۴
ض	ضار	۱۰۰۱	ضرر پہنچانیوالا	جلالی	۷۲	بغض	گرم	گل ارغوان	دلو	مقدم	زہرہ	خالبوش	عطکائیل ۴
ظ	ظاہر	۱۱۰۶	آشکارا	جلالی	۲۵	عداوت	خشک	گل نسرین	حوت	موخر	عطارد	عغویوش	نورائیل ۴
غ	غفور	۱۲۸۶	بہت بخشنے والا	جمالی	۳۰۰	صحت امراض	خشک	قرنفل	حوت	رشا	قمر	عرفوبوش	نوخائیل ۲

مختلف نام معلوم کرنیکا طریقہ

استخراج اسم کی نیت کر کے زائچہ لگائیں پھر زائچہ رمل سے تمام نقاط آتشی شمار کریں۔ اور نو نو کی طرح دیں۔ اس شکل کا حرف اور اس خانہ کا حرف گرفت کریں۔ پھر نقاط بادی شمار کر کے گیارہ گیارہ کی طرح دیں۔ جس جگہ منتہی ہو اس خانہ کی شکل کے حروف استخراج کریں۔ اس کے بعد آبی نقطے شمار کر کے چودہ چودہ کی طرح دیں اور حسب سابق حروف برآمد کریں اور سب سے آخر میں نقاط خاکی شمار کر کے سولہ سولہ کی طرح دیں اور حروف شکل و خانہ حاصل کریں۔ ان سب حروف کو ایک جگہ اکٹھا کر کے مطلوبہ نام استخراج کر لیں۔

ل ن

جدول اشکال و حروف یہ ہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
						 ①	
ا ۲ ھ	ج ط	د س	ش ح	ق ف	ث ۱ ص	① ل ن	م و
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
							
ض	۱ ی د	۲ غ ظ	خ ع	ک	ز	② ب	ت

مثال:۔ سائل نے نیت کی اور اُس کا زائچہ ذیل کشید کیا گیا:۔



سب سے پہلے نقاط آتش اکھٹے کئے جو خانہائے ۳-۴-۶-۱۱-۱۴-۱۵-۱۶ میں واقع ہو کر کل سات ہوئے تو پر طرح دی تو سات ہی باقی برآمد ہوئے۔ زائچہ میں ساتویں گھر کا حرف ل اور شکل ⁝ کا حرف ب حاصل ہوا۔

اس کے بعد نقاط باد لیے جو خانہائے ۱-۷-۹-۱۲-۱۳-۱۴-۱۶ میں واقع ہو کر کل سات ہوئے۔ ان کو گیارہ پر طرح دی تو باقی سات ہی برآمد ہوئے۔ ساتویں خانہ سے پھر شکل ⁝ لی گئی آب کے شکل کا حرف تو ب ہی لیا گیا کیونکہ یہاں دوسرا حرف نہیں ہے۔ لیکن خانہ ہفتم کا دوسرا حرف نون لیا گیا۔

تیسرے نمبر پر نقاط آب کو شمار کیا گیا جو خانہائے ۲-۳-۵-۷-۸-۹-۱۰-۱۱-۱۴-۱۵-۱۶ میں واقع ہو کر کل گیارہ ہوئے چودہ پر طرح دی تو باقی گیارہ ہی برآمد ہوئے۔ اب زائچہ کے گیارہویں خانہ

میں شکل ÷ ہے لہٰذا خانہ و شکل کے حروف ی اور غ حاصل ہوئے۔
چوتھے نمبر پر نقاط خاک اکٹھے کیے گئے جو خانہائے ۴-۵-۸-
۱۱-۱۳-۱۴- میں واقع ہو کر کُل ۶ ہوئے زائچہ کی شکل ششم ⩧
ہے۔ شکل و خانہ کے حروف ا۔ ث حاصل ہوئے۔

اب تمام استخراج شدہ حروف کو حسب ذیل ایک سطر میں بچھا لیا گیا۔ ل ب ل ن ی غ ا ث

ان حروف کو بذریعہ صدر مؤخر و مؤخر صدر با قاعدہ طور پر ترتیب دیا گیا تو غیاث بلبن نام برآمد ہوا۔ سائل سے پوچھا گیا تو اس نے اقرار کیا کہ اس نے امتحان کی خاطر دل میں تاریخ ہند کی مشہور شخصیت سلطان غیاث بلبن کا نام ہی نیت کیا تھا۔

قاعدہ دوم ۔ نام معلوم کرنے کا ایک دوسرا قاعدہ استادانِ فن رمل نے ترتیب دیا ہے۔ جو کبھی خطا نہیں جاتا۔ یہ قاعدہ نہایت مشکل ضرور ہے۔ لیکن اس وقت تک کہ طالب علم اس کے چند اصولوں سے پوری پوری واقفیت حاصل نہ کر سکے۔ اصول مندرجہ ذیل ہیں۔

پہلا اصول :۔ سب سے پہلے یہ معلوم کریں کہ نام کتنے حروف کا ہے۔ یہ مرتبۂ عنصر شکل اوّل و دوم سے معلوم ہو سکتا ہے۔ شکل دوم کے مراتب نیچے سے حاصل کرنے لازم ہیں۔

دوسرا اصول :۔ یہ معلوم کرنا چاہیئے۔ کہ لفظ یا نام مکرر حروف رکھتا ہے یا نہیں۔

تیسرا اصول :۔ یہ معلوم کرنا لازم ہے کہ لفظ یا نام کس زبان سے تعلق رکھتا ہے۔

چوتھا اصول :۔ اوّل کو سنید دہم میں ضرب کر کے ایک حرف حاصل کریں پھر اوّل کو چہار دہم سے ضرب دے کر دوسرا حرف اوّل کو پانز دہم سے ضرب دیکر تیسرا حرف اور اوّل کو شانز دہم سے ضرب دے کر چوتھا حرف حاصل کریں اس طرح جب تک پورا نام نہ بن جائے ایک کے بعد دو اور دو کے بعد تین اور تین ـــــ کے بعد چار سے ۱۳ - ۱۴ - ۱۵ - ۱۶ کو ضرب دیتا چلا جائے۔ جب سب حروف بر آمد ہو جائیں۔ تو ان کو آگے۔ پیچھے ترتیب دے کر نام مرتب کر لیں۔

اس قاعدے میں جدول اشکال و حروف حاجی حسنؒ اور دائرہ سکن ہندی استعمال ہوتے ہیں۔ جو طلبا کو از بر ہونے لازم ہیں اشکال و حروف حاجی حسنؒ یہ ہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
						
اف	ب ص	ج ق	د ر	ھ ش	و ت	ز ث
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
						
ط ذ	ی ض	ک ظ	ل غ	م	ن	س